رسولِ عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(انتخابِ نعت)

سعادت علی ثاقب

Marfat.com

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

رسولِ عربی

مرتب

سعادت علی ثاقب

مقصود پبلشرز

سرور مارکیٹ ۔ اردو بازار ○ لاہور Mob:0333-4320521

Marfat.com

111216

خوبصورت، دلکش اور
دیدہ زیب کتابوں کا
واحد مرکز

تزئین و اہتمام
مقصود احمد شرقپوری

جملہ حقوق محفوظ

ISBN.969-8769-11-0

بار اول .... دسمبر 2005ء
کمپوزنگ .... محمد سدھیر سائیں
ہدیہ .... [redacted]-روپے

Marfat.com

ذخیرہ صاحبزادہ میاں جمیل احمد شرقپوری نقشبندی

انتساب

والدِ گرامی قبلہ نیاز علی خاں (مرحوم) کے نام
جن کی شفقت، محبت اور دعاؤں سے یہ
بندۂ ناچیز آج اس مقام پر ہے۔

Marfat.com

Marfat.com

فہرست شعراء

- حرفِ آغاز 11
- ابرار کرتپوری 21
- احسان الحق احسان 22
- احمد جلیل 23
- احمد شہباز خاور 24
- احمد ظفر 25
- (حکیم) اختر راز 26
- اختر ہوشیار پوری 27
- اعجاز رحمانی 28
- اعظم چشتی 29
- افسر ماہ پوری 30
- افضال احمد انور 31
- الطاف شاہد 32
- (سید) امتیاز حسین بخاری 33
- امید فاضلی 34
- انور قمر شرقپوری 35
- (حافظ) برکت علی قادری 36

Marfat.com

بشیر رحمانی	37
بیدم وارثی	38
بیگم نصرت عبدالرشید	39
پیرزادہ حمید ہاشمی	40
تہذیب احمد فاضل	41
جلیل قدوائی	42
جمیل عظیم آبادی	43
جمیل نقوی	44
حافظ لدھیانوی	45
حبیب ثاقب	46
حفیظ تائب	47
حیات وارثی	48
خالد جاوید	49
خالد محمود نقشبندی	50
مرزا داغ دہلوی	51
علامہ ذوقی مظفر نگری	52
راجا رشید محمود	53
ریاض حسین چوہدری	54
(ڈاکٹر) ریاض مجید	55
ساغر بٹ	56
ستار وارثی	57
سحر فارانی	58
سخی کنجاہی	59

Marfat.com

- سرور بجنوری 60
- سرور بستوی 61
- سعادت علی ثاقب 62
- سکندر سہراب میو 63
- سید شبیر حسین زاہد 64
- شمیم جے پوری 65
- شوکت ہاشمی 66
- شہزاد بیگ 67
- صادق جمیل 68
- ضیاء نیّر 69
- طور نورانی 70
- ظہیر احمد ظہیر 71
- عابد حسین عابد 72
- عبادت علی زاہد 73
- عبدالرحمٰن خالد 74
- عبدالرشید شاہد 75
- عبدالحمید کوکب 76
- عبدالقدیر حسرت 77
- (ڈاکٹر) عصمت اللہ زاہد 78
- عقیل شافی 79
- عمران جان 80
- عیش فیروز پوری 81
- غفار شاد 82

Marfat.com

- فدا حسین فدا 83
- فدا خالدی 84
- فرزند گورداسپوری 85
- قاسم علی کوثر 86
- سید گل محمد شاہ 87
- گہر قریشی اعظمی 88
- ماجد علی کاوش 89
- مبارک مونگیری 90
- محمد اکرم رضا 91
- محمد اکرم قلندری 92
- محمد امین انجم 93
- محمد بشیر ناطق 94
- محمد رضوان 95
- (ڈاکٹر) محمد ریاض شاہد 96
- محمد سدھیر سائیں 97
- محمد صلاح الدین سعیدی 98
- میجر محمد عاشق 99
- (پروفیسر) محمد یٰسین قمر 100
- مخمور سعیدی 101
- مسرور کیفی 102
- مسعود عظیم آبادی 103
- مظفر اکبر آبادی 104
- (حافظ) مظہر الدین 105

Marfat.com

- معجز لکھنوی 106
- مقبول احمد قادری 107
- مقصود احمد شرقپوری 108
- منشا قصوری 109
- موسیٰ نظامی کلیم 110
- نبیل احمد نبیل 111
- (سید) نجم نعمانی 112
- ابراہیم خاں 113
- بیگم شاد چغتائی 114
- علی محمد راز 115
- فیصل شہزاد فیصل 116
- قمر حجازی 117
- محمد شاہ کھگا ضعیف 118
- محمد یوسف ورک قادری 119

Marfat.com

Marfat.com

حرفِ آغاز

سرکارِ دوعالم، رحمتِ مجسم، حضرت محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات وہ ذاتِ مبارکہ ہے جس کی تعریف کا حق کوئی زبان یا قلم ہرگز ادا نہیں کر سکتے۔ آپ کی تعریف کا حق تو محض اللہ کریم ہی ادا کر سکتا ہے۔ جس نے ساری کائنات کو ''کُن'' کے ایک حکم سے پیدا فرما دیا۔ اپنے بندے کے ساتھ تو اسے بے حد محبت ہے اللہ تعالیٰ کو کائنات میں اگر کوئی محبوب و مرغوب ہے تو وہ محض انسان ہے جس کے متعلق کبھی تو فرماتا ہے۔ ''اِنی جاعل فی الارض خلیفه'' کبھی اسے (انسان کو) ''لقد خلقنا الانسان فی احسن تقویم'' سے نوازا جاتا ہے۔ بات یہیں ختم نہیں ہوتی خالق کل نے ساری کائنات کو نہایت حسن و خوبی سے پیدا فرمایا ہے۔ تاہم انسان کی تخلیق میں بھی اس نے انفرادیت کا پہلو نمایاں کیا ہے فرشتوں سے ارشاد ہوا۔

''فاذ اسوّیتهٗ و نفخت فیه مِن الرّوحی فَقعوله سٰجدین''

Marfat.com

ترجمہ :   پس جب ہم اسے (انسان کو) سنوار لیں اور پھونک دیں اس میں اپنی روح پس تم سب ہو جانا (اس کے سامنے) سجدہ کرنے والے۔

یہ تو خالقِ کائنات کا کسی ایک انسان سے محبت کرنے کا انداز ہے۔اب ذرا اس عظیم ہستی کی طرف نگہ دوڑایئے جو تمام انسانوں سے افضل، تمام بندوں سے زیادہ معتبر، عالمِ کون ومکاں میں سب سے زیادہ مکرم، بندگی میں کامل، صفات حسنہ میں مکمل، بے عیب، بے نقص وسرتا پا رحمت، غریبوں اور مسکینوں کا ہمدرد، یتیموں کا والی، غلاموں کا مولیٰ، دوست تو دوست دشمن کے ساتھ بھی حسنِ سلوک کرنے والا، جان کے دشمنوں کے لیے دعائیں کرنے والا، دنیا کے ساتھ محض اللہ کی خاطر تعلق رکھنے والا، سچ بولنے والا، وعدہ وفا کرنے والا، عرب کی سب سے مالدار خاتون (حضرت خدیجہؓ) کا شوہرِ نامدار لیکن نہایت سادہ مزاج، گویا بادشاہی میں فقیری کرنے والا، محبتوں کا امین، دکھ سہہ کر سکھ بانٹنے والا، کم گو، خوش خو، خوش گفتار، خوش رفتار، حسین قامت، بات کرے تو پھول جھڑیں، چپ ہو جائے تو دلِ ہستی ساکت وصامت نگراں ہو جائے، گویا ظاہری وباطنی حسن کا پیکر، صاف دل، صاف گو، اللہ کریم نے اس انسان کامل کے حسن کردار پر یہ کہ مہرِ تصدیق ثبت کردی:

لقد کان لکم فی رسولِ اللّٰہ اُسوۃ حسنہ ۝

اب اس عظیم انسان کی نعت بیان کرنے کے لیے خالق کی زبان چاہیے جہاں ایک طرف رب کائنات آپ کی تعریف قرآن پاک میں جگہ جگہ فرماتا ہے وہیں آپ کی صفاتِ عالیہ کے بیان کا سلسلہ نعت کی صورت میں انسانوں میں بھی محبوب ومرغوب ہے۔کسی نے کیا خوب کہا ہے کہ جو کوئی آپ کی تعریف وتوصیف نہیں کرتا۔وہ یقیناً اپنے انسان ہونے کا حق بھی ادا نہیں کرتا۔

Marfat.com

لفظ نعت پر غور کریں تو پتہ چلتا ہے کہ یہ عربی مادہ نَـعَــتَ سے مشتق ہے۔ سید محمد مرتضٰی الزبیدی نے نعت کے لفظی معانی پر خوب تفصیل سے بحث کی ہے۔ وہ لکھتے ہیں۔ ''نعت صوتی اعتبار سے 'مَنَعَ' کی طرح ہے جس کا حرف عین (درمیانی حرف) ماضی اور مضارع دونوں میں زبر کے ساتھ ہوتا ہے۔ نعت کے معنی عمومی وصف کے ہیں۔ [1] تاجُ العروس کے علاوہ الصّحاح (ص ۲۷۰) القاموس المحیط (جز اول ص ۱۵۹) المنجد (ص ۱۲۹۳) پر نعت کے معنی وصف کے ہی ہیں۔ فارسی اور اردو لغات میں بھی اس کے معنی یہی ہیں۔ گویا لغوی طور پر نعت کا مطلب عمومی تعریف لیا جاتا ہے تاہم اصطلاحی طور پر نعت صرف اس نظم کو کہا جاتا ہے۔ جس میں حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صفات مطہرہ کا بیان ہو [2]۔ جیسا کہ ذکر کیا جاچکا ہے کہ ایک طرف اللہ کریم نے قرآن حکیم میں جگہ جگہ اپنے پیارے رسول کی نعت بیان کی ہے تو دوسری طرف حضرت عائشہؓ نے **خلقه القرآن** کہہ کر سارے قرآن کا رشتہ نعت سے جوڑ دیا ہے۔ [3] حقیقت تو یہی ہے کہ کوئی ذی نفس آپ کی نعت کا حق ادا نہیں کرسکتا بقول غالب

غالب ثنائے خواجہ بہ یزداں گذاشتیم
کاں ذات پاک مرتبہ دانِ محمدؐ است [4]

اگر ہم نعت کی تاریخ کا جائزہ لیں تو پتہ چلتا ہے کہ اس کا سلسلہ ازل سے ہی جاری ہے آپ دی ولادت باسعادت سے قبل اس کے جو نشانات ملتے ہیں اُن میں پہلے انبیائے کرام کی بشارتیں اور دیگر اہل حق کی پیش گوئیاں بھی شامل ہیں۔ [5] موسیٰؑ کی توریت اور عیسیٰؑ کی انجیل میں آپ کے مناقب موجود ہیں۔ ایک اور ایسے شخص کا واقعہ یہاں درج کیا جاتا ہے۔ جو نبی اور رسول تو نہ تھا۔ لیکن اپنی تپسیا اور ریاضت کے بل پر پرماتما کے قریب ہوا اور شانتی حاصل کر کے رہتی دنیا تک کے

Marfat.com

انسانوں میں محترم ٹھہرا۔ یعنی مہاتما بدھ جس نے دنیا سے رخصت ہوتے وقت اپنے خادم خاص نندا سے کہا تھا کہ دانائی وحکمت سے بھرا تمام انسانوں کا بے مثال سردار اس دنیا میں آ کر پوشیدہ حقیقتوں کو ظاہر کرے گا جنہیں میں کر رہا ہوں۔ نندا نے کہا کہ ہم اسے کیسے پہچان پائیں گے تو بدھ نے فرمایا وہ لوگوں میں ''میتر یا'' کے نام سے مشہور ہوگا۔(6) میتر یا کا لفظی مطلب ہوتا ہے، رحمت۔ قرآن پاک نے کس قدر واضح الفاظ میں اعلان فرمایا۔

''وما ارسلنک الا رحمة للعلمین''

بقول حالی۔

وہ نبیوں میں رحمت لقب پانے والا
مرادیں غریبوں کی بر لانے والا (7)

اسی قسم کا ایک اور واقعہ یوں ہے کہ آپؐ کی ولادت سے قبل ''تبع'' نامی ایک شخص تھا جس کا نام قرآن پاک میں بھی موجود ہے۔ یہ یمن کے بادشاہوں میں سے تھا۔ اُس نے یثرب (مدینہ کا پرانا نام) کے اوس اور خزرج یہودیوں سے جنگ کی۔ یثرب کے مکین دن کو اس سے جنگ کرتے اور رات کو اس کی مہمان نوازی کرتے۔ تین دن تک زبردست حملوں کے باوجود بھی تبع کو فتح حاصل نہ ہوسکی۔ تو اس نے شرمندہ ہوکر صلح کی درخواست کی۔ صلح کے دوران اس نے اہل مدینہ سے پوچھا کہ میں جس علاقہ پر حملہ آور ہوا فتح یاب ہوا۔ آخر یہاں پر فتح کیوں نہ پاسکا تو مدینہ کے لوگوں نے جو کچھ کہا وہ تبع کی زبان ہی سے سن لیجئے۔

اُلقی الی نصیحة کی از دجر
عن قریة محجورة بمحمد ﷺ (8)

Marfat.com

ترجمہ: انہوں نے مجھے نصیحت کی کہ میں اس بستی سے چلا جاؤں جسے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سبب محفوظ رکھا گیا ہے۔

علاوہ بریں حضرت ابو طالب بن عبدالمطلب کے وہ اشعار بھی نعت کے زمرے میں آتے ہیں۔ جو ابن اسحاق اور ابن ہشام نے اپنی کتبِ سیرت میں درج کئے ہیں۔ اس سب کچھ کے باوجود نعت گوئی کا باقاعدہ آغاز نبیؐ کی بعثت کے بعد ہوا جب صحابہ کرام نے کفار کی اہجیہ (ہجو کی جمع) کے مقابلے میں آپؐ کی تعریف وتوصیف کا سلسلہ شروع کیا۔ یوں تو ہر صحابی آپؐ کی شان کسی نہ کسی پہلو سے بیان کرتا نظر آتا ہے۔ جیسے حضرت ابوبکر صدیقؓ حضرت علیؓ حضرت فاطمہؓ و دیگر صحابہؓ کے نعتیہ اشعار۔ لیکن اس میدان میں باقاعدہ شہرت حاصل کرنے والے صحابہ میں کعب بن زہیر۔ عبداللہ بن رواحہ۔ کعب بن مالک۔ عباس بن مرداس اور حسّان بن ثابت (رضوان اللہ علیہم اجمعین) شامل ہیں۔ حسّان بن ثابت کو یہ شرف حاصل ہے کہ اُن سے آقائے دو جہاںؐ نے اکثر مرتبہ فرمائش کر کے نعت لکھوائی۔ نعت گوئی میں آپؐ صحابہ کی درستی بھی فرمایا کرتے تھے۔ کعب بن زہیر کے قصیدہ ''بانت سعاد'' پر خوش ہو کر آپؐ نے انہیں اپنی چادر مبارک عطا فرمائی تھی۔ قصیدہ کا ایک شعر یوں ہے۔

انّ الرّسول النّور یستضآءُ بہ

وصارم من سیوف اللّٰہ مسلول (9)

ترجمہ: بیشک رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نور ہیں اور اللہ کی تلواروں میں سے بے نیام تلوار ہیں۔

نعت گوئی کی یہ گویا ابتدا تھی۔ پھر تو نعت ہر مسلمان شاعر کے عقیدہ کا جزوِ لاینفک بن گئی۔ دنیا کی ہر زبان، نسل، قوم اور طبقے کے مسلمانوں نے نعت

Marfat.com

کے ذریعے اپنے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بھی وابستگی اور عقیدت کا اظہار کیا برصغیر میں نعت عربی اور فارسی کے ذریعہ سے آتی ہے یہاں پر مسلمان شعرا نے ہر مقامی زبان جیسے بنگالی، ہندی، برج بھاشا، پنجابی، سندھی، بلوچی، پشتو، کشمیری، براہوی اور گلگتی وغیرہ میں نعت کے دیوانوں کے دیوان طبع کر دیئے۔ پھر اردو زبان اس سعادت سے محروم کیونکر رہ سکتی تھی۔ یہی وجہ ہے کہ دیگر تمام اصنافِ سخن سے کہیں زیادہ خزائیں نعت ہی سے متعلقہ ہیں۔ میر وولی سے لے کر فیض احمد فیض تک ہر شاعر نے نعت شریف ضرور لکھی ہے تاہم اردو نعت میں باقاعدہ نام پیدا کرنے والوں میں امیر مینائی۔ محسن کاکوروی۔ احمد رضا خاں بریلوی۔ حفیظ تائب وغیرہ کے اسمائے گرامی آتے ہیں۔ اہلِ علم نے نعت کی کتب اور دواوین کو مقالہ جات کی صورت میں مرتب کرنے کا سلسلہ شروع کیا تو ہزاروں مقالہ جات اس طرز پر بھی ہمارے سامنے آئے۔ کہنہ مشق اساتذہ کے نعتیہ کلاموں کو یکجا کرنے اور نعت پر تحقیق وتدقیق کا نہ ختم ہونے والا سلسلہ شروع ہے اور ہمیشہ جاری وساری رہے گا۔ اللہ تعالیٰ اپنے وعدے کے عین مطابق ''ورفعنا لک ذکرک'' کی حسین وجمیل تصاویر دکھاتا ہے اور دکھاتا ہی رہے گا۔

کچھ ہی عرصہ پہلے تک نعت حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ظاہری حسن وجمال کی مدح سرائی تک محدود تھی۔ شاعر حضرات آپ کے چہرہ مبارک، قامت زیبا، چشم و ابروئے رحمت۔ دہانِ حق ترجمان اور دستِ سخا کے قصائد بیان کرتے ہوئے معنی آفرینی کے نئے نئے جہانوں کی سیر کرا دیتے تھے۔

سرتا بہ قدم ہے تنِ سلطانِ زمن پھول
لب پھول، دہن پھول، ذقن پھول، بدن پھول (10)

شعر میں ہر شاعر کا اپنا الگ میدان ہوتا ہے۔ بعض شعراء قصہ گوئی میں

Marfat.com

یدِطولیٰ رکھتے تھے۔ یہ لوگ بھی اپنے آغازِ کار میں برکت کے لیے حمد اور نعت لازمی شامل کرتے تھے مسلمان شعراء کی دیکھا دیکھی غیر مسلم شاعروں نے بھی اپنے دیوان وغیرہ کا آغاز حمد و نعت سے کیا۔ یہاں اس بات کا تذکرہ بے محل نہ ہوگا کہ قدیم نعت حضور کے ذاتی اوصاف سے ذرا آگے دورِ نبوی کے اہم واقعات پر محیط رہی تھی اس سلسلے میں لا تعداد تولد نامے۔ نورنامے۔ معراج نامے۔ جنگنامے۔ حلیہ شریف اور وفات نامے لکھے گئے۔ سائنسی ترقی نے جہاں انسانی زندگی کے ہر پہلو کو متاثر کیا وہاں شعر و ادب پر بھی اس کے گہرے اثرات مرتب ہوئے۔ نعت میں بھی نئے نئے تجربے ہونے لگے اور کئی نئے مضمون اس میں در آئے۔ گویا آپ کی سیرتِ مبارکہ کے نمونہ ہائے رنگارنگ پیش کر کے اخلاقیات و انسانیت کے بے شمار دریچے انسانوں پر کھولے گئے۔ اس طرح نعت حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عقیدت و محبت کا اظہار تو تھی ہی وہ ہر زمانے کے انسانوں خاص طور پر مسلمانوں کے لیے سرچشمہ ہدائت بھی بنتی رہی۔ علامہ اقبال اور مولانا حالی جیسے شعرا نے نعت میں اپنے دور کے مسائل و مشکلات کو نہایت حکیمانہ اور فلسفیانہ انداز میں سمو دیا۔

اے بادِ صبا کملی والے سے جا کہیو پیغام مرا
قبضے سے امت بے چاری کے دیں بھی گیا دنیا بھی گئی (11)

پروفیسر حفیظ تائب کے بقول آج کا نعت گو شاعر اپنے ذاتی اور کائناتی دکھوں کا علاج نعت ہی میں تلاش کرتا ہے۔ وہ اپنے عہد کے مصائب و آلام کو نہایت خوبصورتی سے پیش کر کے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں ان دکھوں کے علاج کی استدعا کرتا ہے۔

زیرِ نظر کتاب میں ہم نے حضورؐ کے اسمائے مبارکہ میں سے ایک اسم شریف

Marfat.com

(جو دراصل دو اسماء رسول اور عربی کا مرکب ہے) کا انتخاب کیا ہے اور رسولِ عربی ردیف پر لکھی گئی نعت کی تلاش کر کے بے شمار شعراء کی نعتوں کا گلدستہ اکٹھا کیا ہے اس کتاب کا نام ردیف کی مناسبت سے ''رسولِ عربی'' رکھا گیا ہے۔ کتابِ ہذا میں قدیم وجدید شعرائے کرام کی نعتیں شامل ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اس کتاب میں ایک طرف قدیم طرزِ ہائے سخن سے متعلق قارئین کو آگاہی حاصل ہو گی تو دوسری طرف اپنے عہد کے شعراء کی عقیدتوں۔ محبتوں ۔ چاہتوں اور گلِ رسالت سے پروانہ وار عشق وجذب کی داستانیں نہ صرف طالبانِ مدحت کے قلوب واذہان کو جلا بخشیں گی۔ بلکہ فکر ونظر کے نئے نئے زاویئے بھی سامنے آئیں گے۔ کتاب میں شامل شعراء نے عقیدت والفت کے جو گلہائے رنگارنگ پیش کیے ہیں ۔ ہر کسی نے اپنی علمی استعداد اور ذہنِ رسا کے مطابق نعت کے گجروں کو جس طرح تخیل کی لڑیوں میں پرویا ہے وہ اپنی جگہ لائقِ تحسین ہے۔ اللہ تعالی ان شعراء کو اپنے شایانِ شان دینی ودنیوی رحمتیں اور برکتیں عطا فرمائے۔

مقصود احمد شرقپوری اس لحاظ سے قابل تحسین ہیں کہ ان کی کاوشیں اور کوششیں اس کتاب کی اشاعت میں پیش پیش ہیں۔ کتاب کی اشاعت کے سلسلے میں جن دیگر احبابِ گرامی نے تعاون فرمایا ان میں پروفیسر ڈاکٹر عصمت اللہ زاہد، ڈاکٹر سید قمر علی زیدی ، پروفیسر خالد ہمایوں ، ڈاکٹر ریاض مجید، ڈاکٹر محمد ریاض شاہد، ریاض راجی ، محمد انور قمر شرقپوری ، پروفیسر سید شبیر حسین شاہ زاہد، سکندر سہراب میو، حاجی محمد یوسف ورک ، محمد اکرم قلندری ، محمد سدھیر سائیں ، ارفع جاوید اور محمد آصف رحمانی کے نام خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔ اللہ تعالیٰ رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت رکھنے والے ان تمام دوستوں پر اپنی رحمتوں کی خاص بارش فرمائے آمین۔

Marfat.com

آخر میں قارئین کرام کی خدمت میں درخواست ہے کہ ہم نے اپنی بساط کے مطابق پوری کوشش کی ہے کہ کتاب ہذا کو اغلاط سے پاک رکھا جائے۔ تاہم پھر بھی اگر کہیں غلطی نظر آئے تو ازراہِ کرم انسانی لغزش سمجھ کر درگزر فرمائیں البتہ اُس غلطی کی نشاندھی ضرور کر دیں تا کہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی اصلاح کی جا سکے۔

سعادت علی ثاقب

شعبہ پنجابی، اوری اینٹل کالج، لاہور

Marfat.com

حوالہ جات

1- الزبیدی، سید مرتضٰی: (مولف) تاج العروس، جلد اوّل قاہرہ (س ن)

2- حفیظ تائب، پروفیسر: مقالہ "نعت تے پنجابی نعت"، مطبوعہ ششماہی کھوج نمبر (5) شعبہ پنجابی پنجاب یونیورسٹی اورینٹل کالج لاہور، ص14

3- ایضاً

4- غالب، مرزا اسد اللہ خان: کلیاتِ غالب، مجلس ترقی ادب لاہور (طبع اول) 1967ء، ص113

5- ابنِ ہشام: سیرتِ ابنِ ہشام، ترجمہ عبدالجلیل صدیقی (اشاعت چہارم) شیخ غلام علی اینڈ سنز لاہور، 1979ء

6- مقالہ نعت تے پنجابی نعت: از حفیظ تائب مطبوعہ کھوج نمبر 5، ص14

7- حالی، الطاف حسین، خواجہ: مسدس حالی، ٹیکنیکل پبلشرز اردو بازار لاہور، 1993ء، ص12

8- ریاض مجید، ڈاکٹر: اردو میں نعت گوئی، اقبال اکادمی پاکستان لاہور، 1993ء ص128

9- ایضاً ص130

10- احمد رضا خان بریلوی، مولانا: حدائق بخشش، ظریف پرنٹرز لاہور (س ن) ص35

11- محمد اقبال، علامہ، ڈاکٹر: کلیاتِ اقبال، شیخ غلام علی اینڈ سنز پبلشرز لاہور، 1975ء، ص277

☆ سکندر سہراب میو: جانِ رحمت، مقصود پبلشرز اردو بازار لاہور، 1998ء

Marfat.com

ذاتِ اللہ کے مظہر ہیں رسولِ عربیﷺ
ہر صداقت کے پیمبر ہیں رسولِ عربیﷺ

طالبِ حق کے وہ رہبر ہیں رسولِ عربیﷺ
علم کا شہرِ منور ہیں رسولِ عربیﷺ

اُن کے کردار مُبارک سے مہکتا ہے جہاں
خوشبوئے حق سے معطر ہیں رسولِ عربیﷺ

ہے لقب آپ کا یٰسین تو طٰہٰ اعزاز
افضل و اعلیٰ و برتر ہیں رسولِ عربیﷺ

تم کرو ناز ، کہ حقدارِ شفاعت تم ہو
مومنو! شافعِ محشر ہیں رسولِ عربیﷺ

ہر زمانے میں مُنور تھے ازل سے ابرار
ہر زمانے میں منور ہیں رسولِ عربیﷺ

ابرار کرتپوری

Marfat.com

عشق ہیں ، حُسن ہیں ، جلوہ ہیں رسولِ عربی ﷺ
فلسفی دیکھ کہ کیا کیا ہیں رسولِ عربی ﷺ

ڈوبنے آئے نہ کیوں اس کے بھنور میں سورج
نورِ توحید کا دریا ہیں رسولِ عربی ﷺ

اللہ اللہ یہ ہے صدقِ رسالت کا اثر
سر میں صدیق کے سودا ہیں رسولِ عربی ﷺ

جِن کی خوشبو سے مہکتی ہے گلستاں کی ہوا
اُن بہاروں کا خُلاصہ ہیں رسولِ عربی ﷺ

سب نبی چرخ پہ تاباں ہیں ستاروں کی طرح
ماہتابِ شبِ اسریٰ ہیں رسولِ عربی ﷺ

قابَ قوسین کی آنکھوں میں ہے جلوہ اُن کا
زینتِ عرشِ معلیٰ ہیں رسولِ عربی ﷺ

دانہ دانہ ہو نہ کیوں اُن کا ثنا گر احساں
سارے داناؤں میں دانا ہیں رسولِ عربی ﷺ

احسان الحق احسان

111216

Marfat.com

کیجئے وا درِ اکرام رسولِ عربی ﷺ
ہر طرف ہیں غم و آلام رسولِ عربی ﷺ

معتبر اپنی نگاہوں میں مجھے کر لیجے
مجھ کو دُنیا سے نہیں کام رسولِ عربی ﷺ

چشمِ نظارہ کا کشکول تہی ہے کب سے
بخش دیں جلوۂ گلفام رسولِ عربی ﷺ

خوشبوئیں بانٹتا رہتا ہے مرے ہونٹوں کو
ہر گھڑی آپ کا ہی نام رسولِ عربی ﷺ

کیجئے مجھ کو عطا اپنی غلامی کا شرف
بخش دیں مجھ کو یہ انعام رسولِ عربی ﷺ

تھام لینا سرِ محشر مجھے آ کر آقا
ورنہ ہو جاؤں گا ناکام رسولِ عربی ﷺ

شوق رہبر ہو تو پھر طیبہ کے راہی سے جلیل
آن ملتے ہیں ہر اک گام رسولِ عربی ﷺ

احمد جلیل اوکاڑا

Marfat.com

ختم ہو تلخیِ ایّام رسولِ عربیﷺ
ہم کو رحمت کا ملے جام رسولِ عربیﷺ

میرا اعزاز بھی ہو بختِ بلالِ حبشہ
ہو غلاموں میں مرا نام رسولِ عربیﷺ

کعبہ دل میں رہے تیرے خدا کا پرتو
دُور ہوں دوسرے اصنام رسولِ عربیﷺ

مشک بو تیری محبت کے گلابوں سے رہے
میری ہر صبح ہر اک شام رسولِ عربیﷺ

تیری چاہت کے چراغوں سے سدا روشن ہوں
میری ہستی کے در و بام رسولِ عربیﷺ

جینا مرنا ہو ترے دین کی عظمت کے لیے
تیری توصیف کروں عام رسولِ عربیﷺ

دستِ خاور میں دمکتا ہی رہے ہر لحظہ
ذوقِ مدحت کا یہ انعام رسولِ عربیﷺ

احمد شہباز خاور (فیصل آباد)

Marfat.com

سیرتِ پاک پہ قربان رسولِ عربی ﷺ
میں ہوں کیا، کیا ہیں دل و جان رسولِ عربی ﷺ

میزباں آپ کے جبریلِ امیں تھے جس شب
آپ اللہ کے مہمان رسولِ عربی ﷺ

اُمتیں آپ کی بخشش کی سزاوار ہوئیں
اِس قدر آپ کے احسان رسولِ عربی ﷺ

پر جو مل جائیں تو میں اُڑ کے مدینے پہنچوں
دیدنی ہیں مرے ارمان رسولِ عربی ﷺ

آپ کے نقشِ قدم خواب میں چومے میں نے
سانس لینا ہوا آسان رسولِ عربی ﷺ

تربیت آپ کی ہے سارے جہانوں کے لیے
مہرباں آپ ہیں ہر آن رسولِ عربی ﷺ

کاسۂ دل میں مرے ایک عنایت کی نظر
ہے ظفر بے سروسامان رسولِ عربی ﷺ

احمد ظفر

Marfat.com

تجھ پہ قربان میری جان رسولِ عربیﷺ
تو مرا دیں مرا ایمان رسولِ عربیﷺ

تیرے آنے سے ملا حق کا نشاں دنیا کو
تیری ہی نعت ہے قرآن رسولِ عربیﷺ

تو جہاں بھر کے فقیروں کا سہارا آقا
اللہ اللہ تیری شان رسولِ عربیﷺ

عرش سے فرش تلک تیری حکومت ہے فقط
نوری جبریل ہے دربان رسولِ عربیﷺ

نعت کے حسنِ تخیل میں ہو موت اختر کی
میری بخشش کا ہو سامان۔ رسولِ عربیﷺ

حکیم اختر راز

Marfat.com

کیا زمانہ سے سروکار رسولِ عربی ﷺ
آپ ہیں زیست کا معیار رسولِ عربی ﷺ

انگلیاں جیسے اندھیرے میں چراغوں کی قطار
اور پھر نور کا مینار رسولِ عربی ﷺ

ایک تنویرِ حرم جیسے ہے ہستی پہ محیط
اور پھر آپ نگہدار رسولِ عربی ﷺ

دھوپ میں جلتی ہوئی راہوں میں ٹھنڈا سایہ
تا ابد ابرِ گہر بار رسولِ عربی ﷺ

صرف اختر ہی پہ کچھ ایسا نہیں ہے موقوف
جس کو دیکھو ہے طلبگار رسولِ عربی ﷺ

اختر ہوشیارپوری

Marfat.com

آپ کے دم سے یہ منظر ہیں رسولِ عربی ﷺ
آپ تخلیق کا محور ہیں رسولِ عربی ﷺ

ساری اچھائیاں ختم آپ کے اُوپر ہیں حضور
سب اصول آپ کے بہتر ہیں رسولِ عربی ﷺ

میں گنہگار ، سیہ کار ، خطا وار سہی
آپ تو شافعِ محشر ہیں رسولِ عربی ﷺ

تشنہ کاموں کو نہیں پیاس کی پروا کوئی
آپ رحمت کا سمندر ہیں رسولِ عربی ﷺ

آپ کے در سے ذرا سا بھی تعلق ہے جنہیں
وہ دیئے کتنے منور ہیں رسولِ عربی ﷺ

شرمساری سے بچا لیجئے محشر کی ہمیں
آج ہم آپ کے در پر ہیں رسولِ عربی ﷺ

ان کے اوصاف میں تحریر کروں کیا اعجاز
میرے امکان سے باہر ہیں رسولِ عربی ﷺ

اعجاز رحمانی

Marfat.com

ہم ہیں بے یارو مددگار رسولِ عربیﷺ
جز ترے کون ہو غم خوار رسولِ عربیﷺ

تیرے دیدار کے مشتاق کھڑے ہیں ہر سو
برقعہ بردار زِرُخسار رسولِ عربیﷺ

تلملاتے ہیں تڑپتے ہیں شب و روز غریب
جن کو ہے آپ سے بس پیار رسولِ عربیﷺ

حشر میں دیکھیں گے گلنار نگاہوں سے تجھے
تیری اُمت کے گنہگار رسولِ عربیﷺ

بیں کہ در عشقِ تو چوں گریم وچوں می رقصم
من بایں جُبہ و دستار رسولِ عربیﷺ

تیرا بھاگا ہوا اک مجرمِ اعظم آخر
ہوگیا حاضرِ دربار رسولِ عربیﷺ

اعظم چشتی

Marfat.com

نورِ توحید کے مظہر ہیں رسولِ عربی ﷺ
سینۂ کفر میں خنجر ہیں رسولِ عربی ﷺ

سارے نبیوں کو سکوں آپ کے دامن میں ملا
وہ ہیں دریا تو سمندر ہیں رسولِ عربی ﷺ

دن کو تپتے ہوئے صحرا میں محبت کی گھٹا
رات کو ماہِ منور ہیں رسولِ عربی ﷺ

حسنِ تخلیقِ خداوندی کا دُنیا میں ظہور
اور انساں کے مقدر ہیں رسولِ عربی ﷺ

دیکھئے آپ تو ہر دل میں اُنھی کا جلوہ
سوچئے آپ تو گھر گھر ہیں رسولِ عربی ﷺ

آپ کی ذات سے یہ فکر و نظر کی تطہیر
نظمِ کونین کے محور ہیں رسولِ عربی ﷺ

اس سے بڑھ کر کوئی اعزاز نہیں ہے یارو
قبلہ و کعبۂ افسر ہیں رسولِ عربی ﷺ

افسر ماہ پوری

Marfat.com

آپ کونین کی ہیں جان رسولِ عربیﷺ
آپ نبیوں کے ہیں سلطان رسولِ عربیﷺ

علم و اعمال و عنایات و عقاید کے لئے
آپ کی ذات ہے بُرھان رسولِ عربیﷺ

آپ کے دم سے ہے زر، حُسن، محبت، خوشبو
آپ ہستی کا ہیں سامان رسولِ عربیﷺ

آپ ہیں جامعِ اوصاف و کمالاتِ رُسُل
آپ اللہ کی ہیں شان رسولِ عربیﷺ

میرے آباء، مری اولاد، مری جاں سب کچھ
آپ پر ہوں سبھی قربان رسولِ عربیﷺ

اک نظر اُن کی ہر اک درد کا درماں، انور
مہر کا فیض کا عنوان رسولِ عربیﷺ

افضال احمد انور

Marfat.com

ایک عالم پہ ہے احسانِ رسولِ عربیﷺ
جان ایمان ہے ایقانِ رسولِ عربیﷺ

کائنات اُس کی۔زمیں اُس۔کی زمانہ اس کا
جس کی قسمت میں ہو دامانِ رسولِ عربیﷺ

اب تو صد طور درآغوش ہے ہر گوشۂ دہر
مرحبا شمعِ شبستانِ رسولِ عربیﷺ

بخدا نزہت فردوس کا گہوارہ ہیں
یہ خیابان و گلستانِ رسولِ عربیﷺ

لیں گے دم کفر کی ظلمت کو مٹا کر ہم لوگ
ہم بجا لائیں گے فرمانِ رسولِ عربیﷺ

اپنے حالات سے مایوس نہیں ہے شاہد
کم ہوا ہے نہ ہو فیضانِ رسولِ عربیﷺ

الطاف شاہد

Marfat.com

اللہ اللہ تیری شان رسولِ عربی ﷺ
تیری مدحت میں ہے قرآن رسولِ عربی ﷺ

آپ کی ذات سے تخلیقِ دو عالم شاہا
ہے عقیدہ مرا ایمان رسولِ عربی ﷺ

بُت پرستوں کو بھی اسلام کی دولت بخشی
کیسے بھولیں ترا احسان رسولِ عربی ﷺ

یوں تو عیسیٰ بھی ہیں موسیٰ بھی ہیں داوٗد بھی ہیں
آپ نبیوں کے ہیں سُلطان رسولِ عربی ﷺ

جو محمد ﷺ کا ہے منکر وہ خدا کا منکر
حق کا فرمان ہے فرمان رسولِ عربی ﷺ

امتیاز آپ کی چوکھٹ کا گدا ہے آقا
اس کی مشکل بھی ہو آسان رسولِ عربی ﷺ

سید امتیاز حسین بخاری، چکڑالوی

Marfat.com

اہلِ دل کا ہے یہ ایمان رسولِ عربی ﷺ
آپؐ ہیں معنیِ قرآن رسولِ عربی ﷺ

ایک بھی حرف نہیں عرصہِ گویائی میں
آپؐ کی شان کے شایان رسولِ عربی ﷺ

اُن سفینوں کا تلاطم میں بگڑتا کیا ہے
آپؐ ہیں جن کے نگہبان رسولِ عربی ﷺ

شانہِ لُطف کو پھر دیجیے اذنِ تزئین
زُلفِ گیتی ہے پریشان رسولِ عربی ﷺ

ذوقِ تخلیق نے کس ناز سے خود کو دیکھا
عرش پر جب ہوئے مہمان رسولِ عربی ﷺ

جس کے افسانوں میں ہیں آدمؑ و عالم اُمید
اُس حقیقت کا ہے عنوان رسولِ عربی ﷺ

اُمید فاضلی

Marfat.com

نبیوں میں رسولوں میں سردار رسولِ عربی ﷺ
تخلیق کی دنیا میں شہکار رسولِ عربی ﷺ

وہ رحمتِ عالم ہیں دامن میں لیے رحمت
ہر دن کے وہ ہر شب کے سرکار رسولِ عربی ﷺ

گھرے سے اندھیروں میں انسان بھٹکتا تھا
منزل کے نشان وہ ہیں انوار رسولِ عربی ﷺ

تابع ہے دل و جاں سے ہر چیز زمانے کی
ہر ایک زباں پر ہے اظہار رسولِ عربی ﷺ

ہر راہ معطر ہے خوشبوئے رسالت سے
مہک ہے جدھر دیکھا گلزار رسولِ عربی ﷺ

اس شخص کی بخشش پر انکار نہیں ہوگا
جس کے لیے محکم ہے اقرار رسولِ عربی ﷺ

محشر میں قمر ہم کو کچھ حضر نہیں ہوگا
جب سایہ میسر ہو ابرار رسولِ عربی ﷺ

محمد انور قمر شرقپوری

Marfat.com

مالکِ کون و مکاں ذاتِ رسولِ عربی ﷺ
شاہِ شاہانِ زماں ذاتِ رسولِ عربی ﷺ

وہ کہ لَولاکَ لَما شان مبارک جنکی
زینتِ ہر دو جہاں ، ذاتِ رسولِ عربی ﷺ

نعت ہو کس سے ادا اُن کی بجز ذاتِ خدا
ہے وہی مرتبہ داں ، ذاتِ رسولِ عربی ﷺ

نقشۂ ذاتِ نہاں داورِ بے چون و نشاں
آپ بے میم عیاں ، ذاتِ رسولِ عربی ﷺ

پیر پیراں کی عنایت نے بنایا مجھ کو
بندۂ حلقہ بگوشاں ، ذات رسولِ عربی ﷺ

یا خدا ! گرمیٔ محشر میں حبیبِ اکرم
ہوں مرے ظلِّ اماں ذات رسولِ عربی ﷺ

حافظ بے کل کی خبر لیجئے سلطانِ عرب
اے خبر گیر غریباں ذات رسولِ عربی

حافظ برکت علی قادری

Marfat.com

پیکرِ مہر و مروّت ہیں رسولِ عربی ﷺ
زحمتِ دہر میں رحمت ہیں رسولِ عربی ﷺ

ہادیِ گردشِ حالات ہیں لمحوں کے امام
تا ابد فخرِ امامت ہیں رسولِ عربی ﷺ

سطوتِ شانِ الٰہی ہیں بہر طور حضور
شہرِ توحید کی شوکت ہیں رسولِ عربی ﷺ

راستے کیوں نہ بڑھیں اُن کی قدم بوسی کو
منزلِ راہِ صداقت ہیں رسولِ عربی ﷺ

نصرتِ حق کا پیام آئے گا طیبہ سے ابھی
واقفِ حالتِ اُمّت ہیں رسولِ عربی ﷺ

کس لیے غم ہو مجھے اپنی شفاعت کا بشیر
جب شفاعت کی بشارت ہیں رسولِ عربی ﷺ

بشیر رحمانی

Marfat.com

قبلہ و کعبہ ایمان رسولِ عربی ﷺ
دو جہاں آپ پہ قربان رسولِ عربی ﷺ

چاند ہو تم تو رسولانِ سلف تارے ہیں
سب نبی دل ہیں تو تم جان رسولِ عربی ﷺ

صدقہ حسنینؓ کا روضہ پہ بلا لو مجھ کو
ہند میں ہوں میں پریشان رسولِ عربی ﷺ

کس کی مشکل میں تری ذات نہ آڑے آئی
تیرا کس پر نہیں احسان رسولِ عربی ﷺ

کوئی بہتر ہے تو بہتر سے بھی بہتر تو ہے
سب سے اعلیٰ ہے تیری شان رسولِ عربی ﷺ

تیرا دیدار ہے دیدارِ الٰہی مجھ کو!
تیری اُلفت مرا ایمان رسولِ عربی ﷺ

مجمعِ حشر میں اس شان سے آئے بیدم
ہاتھ میں ہو ترا دامان رسولِ عربی ﷺ

بیدم وارثی

Marfat.com

ہجر میں تیرے چلی جان رسولِ عربی ﷺ
دل کے دل میں رہے ارمان رسولِ عربی ﷺ

تجھ پہ قرباں مرے ماں باپ مرے اہل و عیال
تجھ پہ صدقے ہو میری جان رسولِ عربی ﷺ

شوقِ دیدار میں دن رات تڑپتی ہوں حضور
لب پہ ہر وقت ہے ہر آن رسولِ عربی ﷺ

چاند انگشتِ شہادت سے کیا دو ٹکڑے
کیا ہی ارفع ہے تیری شان رسولِ عربی ﷺ

میں شیاطین کے نرغے میں نہ آؤں حضرت
میرا کامل رہے ایمان رسولِ عربی ﷺ

حشر کے دن کا مجھے خوف نہیں کچھ نصرت
خود ہیں اُمت کے نگہبان رسولِ عربی ﷺ

بیگم نصرت عبدالرشید

Marfat.com

نورِ توحید کا منظر ہیں رسولِ عربی ﷺ
سر بسر مظہرِ داور ہیں رسولِ عربی ﷺ

ختم جن پر ہوئی تنزیلِ رسالت کی نوید
حق کے وہ خاص پیمبر ہیں رسولِ عربی ﷺ

ماہِ الطاف و عطا ، جلوۂ خورشیدِ سخا
رُوحِ اکرام کا پیکر ہیں رسولِ عربی ﷺ

حق سے پائی وَرفعنالكَ ذِكرك کی سند
رفعتِ عشق کا محور ہیں رسولِ عربی ﷺ

کیوں نہ ہو اُن کے تصرّف میں دو عالم کی فضا
نائبِ خالقِ اکبر ہیں رسولِ عربی ﷺ

کیوں نہ ہو ظلمتِ تکفیر کا طوفاں لرزاں
آپ ایمان کا مصدر ہیں رسولِ عربی ﷺ

فردِ عصیاں کی سیاہی کا نہیں خوف حمید
حشر میں شافعِ محشر ہیں رسولِ عربی ﷺ

پیرزادہ حمید صابری

Marfat.com

باعثِ ہر دو سرا تو ہے رسولِ عربی ﷺ
غایتِ ارض و سما تو ہے رسولِ عربی ﷺ

تیری عظمت تری رفعت کو بشر کیا جانے
ارض پہ حسنِ خدا تو ہے رسولِ عربی ﷺ

تیری سرکار میں غافل ہے کھڑا بہرِ کرم
حشر میں دُکھ کی دوا تو ہے رسولِ عربی ﷺ

تہذیب احمد غافل

Marfat.com

مجھ کو بس آپ سے ہے کام رسولِ عربی ﷺ
لب پہ ہے آپ کا ہی نام رسولِ عربی ﷺ

آپ نے کی جو توجہ ، بنیں دنیا میں ابھی
میرے بگڑے ہوئے سب کام رسولِ عربی ﷺ

حشر میں آپ کی گر مجھ کو شفاعت نہ ملی
جانے کیا ہو مرا انجام رسولِ عربی ﷺ

مجھ کو اپنی روشِ خاص پہ لا کر مجھ سے
چھین لیجے روشِ عام رسولِ عربی ﷺ

عہد حاضر نے تراشے ہیں نئے بُت ، شاہا!
پھر شکستہ ہوں یہ ، اصنام رسولِ عربی ﷺ

کاش ایسا ہو کہ اک بار دکھا دیں مجھ کو
خواب میں روئے دل آرام رسولِ عربی ﷺ

کچھ نہیں اور خبر اس کے سوا مجھ کو جلیل
میرا مذہب ، مرا اسلام رسولِ عربی ﷺ

جلیل قدوائی

Marfat.com

وجہِ تخلیقِ گُل و آب ، رسولِ عربی ﷺ
آیۂ ''کُن'' کے ہیں اسباب ، رسولِ عربی ﷺ

آپ کو کہتے ہیں اغیار بھی صدّیق و امیں
کتنے سچے ہیں یہ القاب ، رسولِ عربی ﷺ

آ گئی غزوۂ خندق میں خدا کی نصرت
دال ہے سورۂ احزاب ، رسولِ عربی ﷺ

آپ کو چشمِ تصوّر میں بسا کے اکثر
میں نے دیکھے ہیں حسیں خواب ، رسولِ عربی ﷺ

وہ ہوں صدیقؓ و عمرؓ یا کہ ہوں عثمانؓ و علیؓ
منتخب آپؐ کے اصحابؓ ، رسولِ عربی ﷺ

آپ کی سیرتِ طیّب نے سکھائے ہم کو
دہر میں جینے کے آداب ، رسولِ عربی ﷺ

ہے جمیل آپ کے الطافِ نظر کا طالب
اس پہ رحمت کا کھلے باب ، رسولِ عربی ﷺ

جمیل عظیم آبادی

Marfat.com

آپ اُس رَب کی ہیں پہچان، رسولِ عربی ﷺ
کُلّ یومٍ ھُوَ فی شأن ، رسولِ عربی ﷺ

آپ کی شان ہے کیا شان رسولِ عربی ﷺ
آپ ہیں حاملِ قرآن رسولِ عربی ﷺ

جامِ توحید دیا ، صاحبِ ایمان کیا
آپ کا ہم پہ ہے احسان رسولِ عربی ﷺ

صاحبِ عرشِ معلّیٰ کے سوا کس کو ہے؟
آپ کی ذات کا عرفان رسولِ عربی ﷺ

شاہدِ نورِ ازل باعثِ خلقِ کونین
آپ ہیں آیۂ رحمٰن رسولِ عربی ﷺ

اک نگاہِ کرم خاص مری جانب بھی
عام ہے آپ کا فیضان رسولِ عربی ﷺ

جمیل نقوی

Marfat.com

تیری یادوں سے اُجالا ہے رسولِ عربیﷺ
میرا ہر سانس مہکتا ہے رسولِ عربیﷺ

رُوکشِ خلدِ بریں جو کہ بنا بیٹھا ہے
تیرے ہی درد کی دنیا ہے رسولِ عربیﷺ

زندگی آپ کے روضے پہ بسر ہو میری
بس یہی ایک تمنا ہے رسولِ عربیﷺ

تیری ہی یاد سے ہوتا ہے اُجالا دل میں
وجہِ تسکیں ترا جلوہ ہے رسولِ عربیﷺ

ذکر تیرا ہے ہر اک دل کے لیے وجہِ سکوں
یاد تیری ہی مداوا ہے رسولِ عربیﷺ

ان میں ہیں تیری محبّت کے فروزاں انوار
میرے آنسو مری دنیا ہے رسولِ عربیﷺ

حافظِ خستہ بھی جلوے کا تمنائی ہے
دید کو وہ بھی ترستا ہے رسولِ عربیﷺ

حافظ لدھیانوی

Marfat.com

باغِ توحید کے مالی ہیں رسولِ عربی ﷺ
پیڑ ، پھل پھول کے والی ہیں رسولِ عربی ﷺ

سرورِ ارض و سما بھی ہیں ، حبیبِ حق بھی
دونوں عالم میں وہ عالی ہیں رسولِ عربی ﷺ

کہکشاں کیا ہے مہ و مہر سے آگے ہیں قدم
آپ کی راہیں نرالی ہیں رسولِ عربی ﷺ

کشتیاں ڈوبنے والی تھیں بھنور میں غم کے
آپ نے آ کے سنبھالی ہیں رسولِ عربی ﷺ

جبر کے سائے بڑھے ہیں جو کبھی میری طرف
تابشیں آپ نے ڈالی ہیں رسولِ عربی ﷺ

اب تو نادارِ تمنا پہ ہو للہ کرم
میرے ہاتھ آج بھی خالی ہیں رسولِ عربی ﷺ

اُن کے اوصاف لکھے خامۂ ثاقب کیا کیا
خُلدِ اوصاف کے والی ہیں رسولِ عربی ﷺ

حبیب ثاقب ، لاہور

Marfat.com

کشورِ ہست کے سُلطان رسولِ عربی ﷺ
قصہِ زیست کے عنوان رسولِ عربی ﷺ

کون ہے صاحبِ لَولاک لما تیرے سوا
کل جہانوں کی ہے تو جان رسولِ عربی ﷺ

قدسی و جنّ و بشر ، شمس و قمر ، ابر و شجر
سب ترے تابع فرمان رسولِ عربی ﷺ

اللہ اللہ ترے اوصاف ترے اسم و لقب
شاہِ دیں ، صاحبِ قرآن رسولِ عربی ﷺ

تو مرا ناز ، مری عزت و بخشش کا سبب
تو مرا حاصلِ ایمان رسولِ عربی ﷺ

دل ہے پہلے ہی ترا ، سر بھی ، دعا ہے میری
ہو ترے نام پہ قربان رسولِ عربی ﷺ

تائبِ شیدا کو بلواؤ گے کب طیبہ میں
میرے کب نکلیں گے ارمان رسولِ عربی ﷺ

حفیظ تائب

Marfat.com

قیدِ غم سے ہے وہ آزاد رسولِ عربی ﷺ
جس کے دل میں ہو تری یاد رسولِ عربی ﷺ

آشیاں ہوگیا برباد رسولِ عربی ﷺ
تاک میں پھر بھی ہے صیاد، رسولِ عربی ﷺ

پھر وہی سوزِ بلالی ہو عنایت مجھ کو
سرد ہے شعلۂ فریاد، رسولِ عربی ﷺ

دورِ حاضر کا ستایا ہوا دل رکھتا ہوں
میرا نغمہ بھی ہے فریاد، رسولِ عربی ﷺ

آج بھی ہے میرے اجڑے ہوئے دل کی بستی
آپؐ کے نام سے آباد، رسولِ عربی ﷺ

منتظر چشمِ نوازش کا ہے مدت سے حیات
کچھ تو نظروں سے ہو ارشاد، رسولِ عربی ﷺ

حیات وارثی

Marfat.com

بزمِ کونین کی ہیں جان رسولِ عربی ﷺ
جاں مری آپ پہ قربان رسولِ عربی ﷺ

آپ بِن کس کو ملا رُتبۂ اعلیٰ آقا
آپ ہیں عرش پر مہمان رسولِ عربی ﷺ

ساری دنیا پہ ترا سایۂ رحمت آقا
آپ کی ہے یہی پہچان رسولِ عربی ﷺ

آپ کا ہوں میں گدا در پہ بلا لو آقا
میری بخشش کا ہے سامان رسولِ عربی ﷺ

پیش کیا شاہ و گدا اور تمہارا خالد
آپ ہیں سب ہی کے سلطان رسولِ عربی ﷺ

خالد جاوید

Marfat.com

میرے ہر کیف کا سامان رسولِ عربیﷺ
میرے ہر درد کا درمان رسولِ عربیﷺ

بے نیازِ دو جہاں، بحرِ سخا، دل کے غنی
ہیں گدا آپ کے سلطان رسولِ عربیﷺ

آنکھ بخشی ہے تو جلووں سے سرافراز کرو
اور ہو جائے یہ احسان رسولِ عربیﷺ

زندگی آپ کے جلووں نے عطا کی ورنہ
حُسنِ کونین تھا بے جان رسولِ عربیﷺ

آپ کے ذکر سے بہتر کوئی شے اور نہیں
آپ ہی ہیں مرا ارمان رسولِ عربیﷺ

تا ابد یورشِ طوفاں سے رہے گا محفوظ
آپ ہیں جس کے نگہبان رسولِ عربیﷺ

زمزمہ نعت کا گونجا جو لبِ خالد پر
سرخرو ہوگیا ایمان رسولِ عربیﷺ

خالد محمود نقشبندی

Marfat.com

آپ کی شان ہے کیا شان رسولِ عربی ﷺ
آپ پر جان ہے قربان ، رسولِ عربی ﷺ

اس نے یہ مرتبہ پایا ، یہ ہوا اس کو عروج
ہوئے اللہ کے مہمان ، رسولِ عربی ﷺ

آپ ہیں دل کے ہر اِک درد کا درماں ، آقا
آپ ہر زخم کا مرہم ہیں ، رسولِ عربی ﷺ

دل بہ ظاہر تو بہت دُور نظر آتا ہے
فاصلے دِل سے بڑے کم ہیں رسولِ عربی ﷺ

نواب مرزا داغ دہلوی

Marfat.com

جلوۂ مصحفِ قرآں ہیں رسولِ عربی ﷺ
نورِ ایماں سے درخشاں ہیں رسولِ عربی ﷺ

جس نے ذروں کو سکھایا ہے ستاروں کا چلن
وہ مشیّت کا دبستاں ہیں رسولِ عربی ﷺ

اُن کے دستور میں خنداں ہے بہاروں کا نظام
حسنِ ترتیبِ گلستاں ہیں رسولِ عربی ﷺ

اُن سے پہلے تھا کہاں ربِ دو عالم کا شعور
مظہرِ جلوۂ یزداں ہیں رسولِ عربی ﷺ

اپنی عظمت سے تھا بیگانہ شعورِ انساں
بانیِ عظمتِ انساں ہیں رسولِ عربی ﷺ

حکم دیں وہ تو مہ و مہر کے رُک جائیں قدم
حاکمِ گردشِ دوراں ہیں رسولِ عربی ﷺ

غیر ممکن بھی ہے اُن کے لیے ممکن ذوقی
فائزِ مسندِ امکاں ہیں رسولِ عربی ﷺ

علامہ ذوقی مظفر نگری، لاہور

Marfat.com

ساری مخلوق سے برتر ہیں رسولِ عربی ﷺ
نورِ خلّاق کے مظہر ہیں رسولِ عربی ﷺ

کیوں نہ اب کشتیِ اُمید ہو ساحل بہ کنار
ناصر و ہمدم و یارو ہیں رسولِ عربی ﷺ

حلم اُن کا ہے، سخی وہ ہیں، مروّت ان کی
لطف و اکرام کے پیکر ہیں رسولِ عربی ﷺ

رب کا دیدار نہ کیوں روز قیامت ہوگا
جلوہ آرا پسِ منظر ہیں رسولِ عربی ﷺ

گوہرِ نعت تخیل کے صدف سے نکلا
لطف فرماءِ سخنور ہیں رسولِ عربی ﷺ

ہے مجھے خوف قیامت کا، نہ ڈر دوزخ کا
میرے حامی سرِ محشر ہیں رسولِ عربی ﷺ

مدحِ سرکار ہے محمود وظیفہ میرا
مرے آقا، میرے سرور ہیں رسولِ عربی ﷺ

راجا رشید محمود

Marfat.com

تو ازل ہی سے پیمبر ہے رسولِ عربیﷺ
تیرا ہر عہد ثنا گر ہے رسولِ عربیﷺ

تو ہی مذکور ہے انجیل کی پیشانی پر
تذکرہ تیرا ہی گھر گھر ہے رسولِ عربیﷺ

شرک و اصنام پرستی کا سفینہ ڈوبا
تو کہ توحید کا مظہر ہے رسولِ عربیﷺ

ہر قدم پر ہیں ترے نقشِ قدم کے سورج
تیری ہر بات منور ہے رسولِ عربیﷺ

فارس و کابل و اقصیٰ میں ہے محشر برپا
ارضِ کشمیر بھی مضطر ہے رسولِ عربیﷺ

تیری اُمت کا سرِ بزمِ حیاتِ فانی
خاک آلود مقدر ہے رسولِ عربیﷺ

تشنہ لب ہوں مَیں شبِ زرد کے ایواں میں ریاضؔ
نور و نکہت کا سمندر ہے رسولِ عربیﷺ

ریاض حسین چوہدری

Marfat.com

حسن تہذیب کا اتمام رسولِ عربی ﷺ
تیرا اسوہ ترا پیغام رسولِ عربی ﷺ

وقت کی روز بدلتی ہوئی تعبیروں میں
سرخرو ہیں ترے احکام رسولِ عربی ﷺ

منتشر کرتا ہے دل ، اور ہر اک چیز کا ذکر
ہے ترے ذکر میں آرام رسولِ عربی ﷺ

سلسلہ وحی کا لاریب ہوا تجھ پر ختم
تجھ پہ کامل ہوا اسلام رسولِ عربی ﷺ

نگراں میرے تغافل کی تری رحمت ہو
خود بخود ہوں مرے سب کام رسولِ عربی ﷺ

رخ مرے دل کا رہے تیری اطاعت کی طرف
بہر انداز ، بہ ہر گام رسولِ عربی ﷺ

ضو سکینت کی جو پاتا ہے دل اپنے میں ریاض
ہے تری نعت کا انعام رسولِ عربی ﷺ

ڈاکٹر ریاض مجید

Marfat.com

زندگی سخت پریشان رسولِ عربی ﷺ
کر دو مشکل مری آسان رسولِ عربی ﷺ

خاتم الانبیاء ہو سر پہ ہے لولاک کا تاج
دونوں عالم کے ہو سلطان رسولِ عربی ﷺ

میں ہوں اک بندۂ ناچیز ثناء کیا لکھوں
تیرے صدقے تیرے قربان رسولِ عربی ﷺ

اب نبی کوئی نہیں کوئی نہیں آئیگا
ہے مسلمان کا ایمان رسولِ عربی ﷺ

نگہِ کرم کا مِل جائے سہارا مجھ کو
زندگی میری پریشان رسولِ عربی ﷺ

جان نکلے جو میری آپ کے در پر نکلے
دل میں اک ہے یہی ارمان رسولِ عربی ﷺ

رونقیں بانٹی گئیں دونوں جہاں میں ساغر
جب ہوئے عرش پہ مہمان رسولِ عربی ﷺ

ساغر بٹ

Marfat.com

سب حسینوں میں ہیں ذی شان رسولِ عربی ﷺ
کشورِ حُسن کے سُلطان ، رسولِ عربی ﷺ

آپ اللہ کے محبوب ہیں ، اے شاہِ اُمم
آپ سا کون ہے انسان ، رسولِ عربی ﷺ

کیوں نہ میں سجدے کروں آپ کی چوکھٹ پہ حضور
آپ ہیں کعبۂ ایمان ، رسولِ عربی ﷺ

مصحفِ رُخ کی تجلی ہے مری آنکھوں میں
کہ یہی ہے مرا قرآن ، رسولِ عربی ﷺ

آپ کی چشمِ کرم ہو تو ابھی ہو جائیں
مُشکلیں سب مری آسان ، رسولِ عربی ﷺ

آپ کے جلوؤں سے روشن ہے یہ بزمِ ہستی
آپ کونین کی ہیں جان ، رسولِ عربی ﷺ

آپ کو چھوڑ کے ستّار کہاں جائے گا
اور ہے کون نگہبان رسولِ عربی ﷺ

ستار وارثی

Marfat.com

رونقِ گنبدِ اخضر ہیں رسولِ عربی ﷺ
نورِ قرآن کا مصدر ہیں رسولِ عربی ﷺ

جنکے جلووں سے منور ہے ستاروں کا جہاں
رحمتِ حق کے وہ خاور ہیں رسولِ عربی ﷺ

والیِ ختمِ رسالت ہیں شہہِ ہر دوسرا
خاص محبوب پیمبر ہیں رسولِ عربی ﷺ

تشنگی کا مجھے غم کیوں ہو رہِ عقبیٰ میں
حشر میں ساقیِ کوثر ہیں رسولِ عربی ﷺ

جس کی دہلیز پہ جھکتے ہیں سلاطینِ جہاں
عظمتوں کا وہ مقدر ہیں رسولِ عربی ﷺ

کیوں نہ ہو منزلِ معراج مجھے بھی حاصل
میرے ہادی میرے رہبر ہیں رسولِ عربی

ناز کیونکر نہ کرے اپنے مقدر پہ سحر
شافعِ عرصۂ محشر ہیں رسولِ عربی ﷺ

سحر فارانی

Marfat.com

زندگی کا سرو سامان رسولِ عربی ﷺ
میرا دل اور میری جان رسولِ عربی ﷺ

آشنا آپ نے کونین کے رازوں سے کیا
آپ کونین کے سُلطان رسولِ عربی ﷺ

نعت گوئی پہ مجھے آپ نے مامور کیا
مجھ پہ کس درجہ ہے احسان رسولِ عربی ﷺ

آپ کے ذکر نے سوچوں کو جِلا بخشی ہے
کِھل اُٹھا دل کا گلستان رسولِ عربی ﷺ

آپ کے وصف و کمالات بیاں کیسے کروں
آپ کی شان بڑی شان رسولِ عربی ﷺ

آپ کے در کی گدائی جو سخی مل جائے
دل کے نکلیں سبھی ارمان رسولِ عربی ﷺ

سخی کنجاہی

Marfat.com

سارے نبیوں کے ہیں سردار رسولِ عربی ﷺ
دونوں عالم کے ہیں مختار رسولِ عربی ﷺ

بالیقیں ہے وہی توحیدِ خدا کا اقرار
جو رسالت کا ہے اقرار رسولِ عربی ﷺ

کاش اللہ بنادے کوئی ایسی صورت
دیکھوں روضہ ترا اک بار رسولِ عربی ﷺ

تیرے روضے پہ شب و روز بحکمِ مولا
ہوتی ہے بارشِ انوار رسولِ عربی ﷺ

گلشنِ دہر میں موجود نہیں جس کی مثال
تو ہے قدرت کا وہ شہکار رسولِ عربی ﷺ

آرزو دید کی رکھتا ہے سرورِ محزوں
اس پہ بھی چشمِ کرم بار رسولِ عربی ﷺ

سرور بجنوری

Marfat.com

گرم ہے حشر کا میدان رسولِ عربی ﷺ
میں ہوں اس بھیڑ میں انجان رسولِ عربی ﷺ

آپ کے سامنے حاضر ہوں تو کیا منہ لے کر
ہوں گناہوں سے پشیمان رسولِ عربی ﷺ

میرا مذہب ہے تصور میں تمہارے جینا
تم پہ مرنا میرا ایمان رسولِ عربی ﷺ

میری مشکل کا ، مصیبت کا ، الم کا ، غم کا
آپ کے پاس ہے درمان رسولِ عربی ﷺ

دیکھنا اور کسی در پہ نہ جانے دینا
یہ حقیر آپ کا مہمان رسولِ عربی ﷺ

سرور بستوی (انڈیا)

Marfat.com

ہے زمانہ ستم ایجاد رسولِ عربی ﷺ
آپ سے ہے میری فریاد رسولِ عربی ﷺ

آپ کے ذکرِ مبارک کی بدولت آقا
ہم ہیں ہر رنج سے آزاد رسولِ عربی ﷺ

تپشِ دہر میں احساسِ سکوں ملتا ہے
جس کو مل جائے تری یاد رسولِ عربی ﷺ

نورِ الہام سے تیرے ہی شہا دنیا میں
مٹ گئے ہیں سبھی الحاد رسولِ عربی ﷺ

اَے کہ تربیّت نبوی میں وہ بدوی اوصاف
بن کے دہر کے اُستاد رسولِ عربی ﷺ

دوریِ طیبہ میں اِس دل کا عجب عالم ہے
جھیلتا رہتا ہے بیداد رسولِ عربی ﷺ

اب کوئی خوف ہے باقی نہ کوئی غم جب سے
دل میں ثاقب کے ہیں آباد رسولِ عربی ﷺ

سعادت علی ثاقب

Marfat.com

میرے شاہا میرے سرتاج رسولِ عربی ﷺ
عشق اور حُسن کی معراج رسولِ عربی ﷺ

مَیں گدا ہوں ترے در کا مَیں کہاں پہ جاؤں
ہے ترے ہاتھ مری لاج رسولِ عربی ﷺ

فرش سے عرش تلک تیری حکومت شاہا
ساری دُنیا پہ ترا راج رسولِ عربی ﷺ

مُجھ کو دُنیا نے بُرا جان کے ٹھکرایا ہے
مجھ پہ رحمت کی نظر آج رسولِ عربی ﷺ

سرفرازی مجھے نعلین کا صدقہ دے دے
اے مرے صاحبِ معراج رسولِ عربی ﷺ

آج سہراب کو آقا وہ عطا فرما دے
سب کو بانٹے ترا محتاج رسولِ عربی ﷺ

سکندر سہراب میو

Marfat.com

ہر کہ بے کس کا سہارا ہے رسولِ عربی ﷺ
حق کی وہ آنکھ کا تارا ہے رسولِ عربی ﷺ

تیرے اصحاب بھی ہیں راہنمائے عالم
ہر کوئی ایک ستارا ہے رسولِ عربی ﷺ

تیرا دربار ہے عالی تو جہاں کا والی
تو کہ اللہ کا پیارا ہے رسولِ عربی ﷺ

تجھ سے پھر مانگتا ہے آج زمانہ خیرات
شہر آشوب میں سارا ہے رسولِ عربی ﷺ

ہر کوئی رنج و مصیبت میں گرفتار ہے آج
ہر کوئی ظلم کا مارا ہے رسولِ عربی ﷺ

آج زاہد پہ بھی ہو جائے کرم بہرِ علی
یہ گنہگار تمہارا ہے رسولِ عربی ﷺ

پروفیسر سید شبیر حسین شاہ زاہد

Marfat.com

دیکھ کر سایۂ دامانِ رسولِ عربی ﷺ
ہوگیا دل مرا قربان رسولِ عربی ﷺ

اپنے دامن میں لئے پھرتے ہیں دونوں عالم
مرحبا بے سرو سامانِ رسولِ عربی ﷺ

ہے مرے ٹوٹے ہوئے دل کو تسلی کیا کیا
جب سے ہے ہاتھ میں دامان رسولِ عربی ﷺ

سر جھکاتے ہیں سلاطین جہاں قدموں پر
اللہ اللہ غلامانِ رسولِ عربی ﷺ

کتنا مشکل ہے شمیم اس کو کوئی کیا جانے
شعر اور وہ بھی بعنوانِ رسولِ عربی ﷺ

شمیم جے پوری

Marfat.com

اللہ! اللہ! یہ فیضانِ رسولِ عربی ﷺ
ہم ہیں اور سایۂ دامانِ رسولِ عربی ﷺ

در پہ حاضر ہیں ، غلامانِ رسولِ عربی ﷺ
ہم غلاموں پہ ہے احسانِ رسولِ عربی ﷺ

زندگی آج بھی ممنونِ کرم ہے اُن کی
حکمتِ اُسوہ و فرمانِ رسولِ عربی ﷺ

اک زمانہ ہے درِ سیّدِ والا پہ نثار
ساری مخلوق ہے ، قربانِ رسولِ عربی ﷺ

شہرِ طیبہ میں بھی جنت کا سماں ہے شوکت
رات دن ، نکہتِ دامانِ رسولِ عربی ﷺ

شوکت ہاشمی

Marfat.com

میں ہوا صاحبِ ایمان رسولِ عربیﷺ
جب ہوا آپ پہ قربان رسولِ عربیﷺ

ہیں مرے شوق کا عنوان رسولِ عربیﷺ
اور مرے عشق کی پہچان رسولِ عربیﷺ

تیرا ہر بول مری روح میں اترا ایسے
جیسے احساس میں وجدان رسولِ عربیﷺ

جو ترے عشق میں گم ہو کے خدا کو پائے
ہے وہی کام کا انسان رسولِ عربیﷺ

اپنے شہزاد کو مصروفِ ثنا ہی رکھنا
کرتے رہنا یونہی احسان رسولِ عربیﷺ

شہزاد بیگ

Marfat.com

یہ جو ہے نعت کا دیوان رسولِ عربی ﷺ
میری بخشش کا ہے سامان رسولِ عربی ﷺ

ہے اگر جان میں کچھ جان رسولِ عربی ﷺ
آپ کا مجھ پہ ہے احسان رسولِ عربی ﷺ

بات اللہ کی ہے آپ کا ہر حرف حضور
آپ کا نُطق ہے قرآن رسولِ عربی ﷺ

مجھ کو بھی اذن حضوری کا شرف حاصل ہو
میں بھی ہوں پیروِ حسّان رسولِ عربی ﷺ

سب یہ خورشید و قمر اور ستارے ٹھہرے
آپ کے نور کا فیضان رسولِ عربی ﷺ

ہے گنہگار جہاں بھر کا یقیناً پھر بھی
ہو جمیل آپ کا مہمان رسولِ عربی ﷺ

صادق جمیل

Marfat.com

میرے بھی آقا و مولا ہیں رسولِ عربی ﷺ
میرے ہر غم کا مداوا ہیں رسولِ عربی ﷺ

جاں بہ لب تشنہ سرِ دشتِ جہاں ہوں میں اور
بے کراں لطف کا دریا ہیں رسولِ عربی ﷺ

قلبِ رنجور کو ملتی ہے شفاء آپ ہی سے
بالیقیں جانِ مسیحا ہیں رسولِ عربی ﷺ

آرزوئے دلِ بے تاب ہے بس آپ کی ذات
جانِ مضطر کی تمنا ہیں رسولِ عربی ﷺ

ہو نہ جب حشر کے دن کوئی کہیں جائے اماں
اس گھڑی ملجا و ماوٰی ہیں رسولِ عربی ﷺ

نفرت و جنگ و کدورت سے بھری دنیا میں
راحت اور امن کا مژدہ ہیں رسولِ عربی ﷺ

غلبۂ حق و صداقت کا جہاں میں نیّر
ایک پیغام سراپا ہیں رسولِ عربی ﷺ

ضیا نیّر

Marfat.com

آپ کی شان ہے کیا شان رسولِ عربی ﷺ
آپ کا خُلق ہے قرآن رسولِ عربی ﷺ

اپنی اُمت کے نگہبان رسولِ عربی ﷺ
دونوں عالم کے ہیں سلطان رسولِ عربی ﷺ

آپ کی ذات ہے تخلیقِ دو عالم کا سبب
آپ کونین کا عنوان رسولِ عربی ﷺ

دہر میں نور کے مینار نظر آتے ہیں
آپ کے تابعِ فرمان رسولِ عربی ﷺ

آپ کے نام کی عظمت پہ میں صدقے واری
میرے ماں باپ بھی قربان رسولِ عربی ﷺ

بندشین سینکڑوں ہیں بے سروسامانی ہے
کچھ زیارت کا ہو سامان رسولِ عربی ﷺ

طور مسلک مرا تعظیمِ بزرگانِ سلف
میرا مذہب مرا ایمان رسولِ عربی ﷺ

طور نورانی

Marfat.com

مظہرِ آیۂ قرآن رسولِ عربی ﷺ
سایۂ رحمتِ یزدان رسولِ عربی ﷺ

آپ کے دم سے ہی قائم ہے زمانے بھر میں
میری یہ آن مری شان رسولِ عربی ﷺ

حشر کی دھوپ میں کملی کا عطا ہو سایہ
آپ ہیں سایۂ رحمٰن رسولِ عربی ﷺ

میں زمانے میں بہک جاؤں یہ ممکن ہی نہیں
آپ ہیں میرے نگہبان رسولِ عربی ﷺ

قبر میں آپ جب آئیں مری بخشش کے لیے
آپ کی ہو مجھے پہچان رسولِ عربی ﷺ

اُن کی رحمت نہیں موقوف مدینے میں ظہیر
ہیں ہمارے بھی نگہبان رسولِ عربی ﷺ

ظہیر احمد ظہیر

Marfat.com

میرے دل میں ہے یہ ارمان رسولِ عربی ﷺ
جان ہو آپؐ پہ قربان رسولِ عربی ﷺ

اللہ اللہ یہ رتبہ ، یہ بلندی ، یہ عروج
ہوئے اللہ کے مہمان رسولِ عربی ﷺ

اُس کو دنیا بھی ملی ، دین بھی اُس نے پایا
جس نے تھاما ترا دامان رسولِ عربی ﷺ

ذاتِ باری کا نہ عرفان ہو جب تک حاصل
نہیں ممکن تری پہچان رسولِ عربی ﷺ

اب تو ہوں دُور غم و حزن کے گھیرے سائے
اب تو ہوں مُشکلیں آسان رسولِ عربی ﷺ

تیرا عابد یہ تری آل کا ادنیٰ خادم
تیرے صدقے ترے قربان رسولِ عربی ﷺ

عابد حسین عابد نظامی

Marfat.com

تھا کوئی کل ، نہ کوئی آج رسولِ عربیﷺ
ہے ترے ہاتھ فقط لاج رسولِ عربیﷺ

یا نبی تیرے گداؤں کے ہیں قدموں میں پڑے
یاں کئی تخت کئی تاج رسولِ عربیﷺ

آپ کی چشمِ عنایت سے شہا سنورے ہیں
میرے بگڑے ہوئے سب کاج رسولِ عربیﷺ

اے کہ لَولاک کا سہرا ترے سر پر سو ہے
دو جہاں میں ہے ترا راج رسولِ عربیﷺ

زاہدِ کمتر و ناچیز زمانے میں سدا
آپ کا ہی رہے محتاج رسولِ عربیﷺ

عبادت علی زاہد

Marfat.com

تو ہے اُمت کا نگہبان رسولِ عربی ﷺ
تجھ پہ قربان مری جان رسولِ عربی ﷺ

تو نے رکھا ہے بہر طور خیال اس دل کا
جس نے کر لی تری پہچان رسولِ عربی ﷺ

تجھ کو سونپا گیا اللہ کا ناموسِ عظیم
تجھ پہ نازل ہوا قرآن رسولِ عربی ﷺ

بزمِ کونین سجائی گئی اُن کی خاطر
دونوں عالم کے ہیں سُلطان رسولِ عربی ﷺ

کلکِ قدرت نے رقم جس کو کیا صبحِ ازل
اُس فسانے کا ہیں عنوان رسولِ عربی ﷺ

حسنِ تکمیل کو پہنچے تو تری نذر کروں
یہ مرا نعتیہ دیوان رسولِ عربی ﷺ

ہدیہ بے سروسامانیٔ دل لایا ہے
خالدِ بے سرو سامان ، رسولِ عربی ﷺ

عبد الرحمٰن خالد

Marfat.com

آپ کی شان طرح دار رسولِ عربی ﷺ
میرے آقا میرے سرکار رسولِ عربی ﷺ

نام لینے سے ترا دِل کو سکوں ملتا ہے
ہے میری سوچ کا اظہار رسولِ عربی ﷺ

شان تیری سبھی نبیوں سے ہے ارفع اعلیٰ
سارے نبیوں کا ہے اقرار رسولِ عربی ﷺ

میری قسمت کا ستارہ بھی کبھی چمکے گا
میں کروں آپ کا دیدار رسولِ عربی ﷺ

شبِ معراجِ محبت کا سماں کیا ہوگا
جب خدا کا کیا دیدار رسولِ عربی ﷺ

حشر کے روز بھی شاہد کا بھرم رکھ لینا
بخت روشن ہوں اے مختار رسولِ عربی ﷺ

عبدالرشید شاہد ننکانہ صاحب

Marfat.com

غم کے ماروں کے ہیں ارمان رسولِ عربی ﷺ
عشق والوں کے ہیں ایمان رسولِ عربی ﷺ

شاہِ شاہاں نے بھی یہ وردِ زباں ورد رکھا
دونوں عالم کے ہیں سُلطان رسولِ عربی ﷺ

ہوگئے دل سے فدا شان نرالی والے
دیکھ کر عالی تیری شان رسولِ عربی ﷺ

آدمؑ و نوحؑ سے لے تا بہ مسیحؑ و موسیٰؑ
اور کس کو مِلا قرآن رسولِ عربی ﷺ

جن کی ہر فکر میں اُمت کا ہی غم دیکھا ہے
کیسے کامل ہیں نگہبان رسولِ عربی ﷺ

تجھ کو تو ناز فقط زہد پہ اپنے زاہد
میری بخشش کا ہے سامان رسولِ عربی ﷺ

بخشوا لینا مجھے شافِع محشر آقا
ہوگا کوکب پہ یہ احسان رسولِ عربی ﷺ

عبدالحمید کوکب، ننکانہ

Marfat.com

تم پہ سو جان سے قربان رسولِ عربی ﷺ
تم مری جان کی ہو جان رسولِ عربی ﷺ

آپ کی شان میں ہے بے ادبی بے دینی
آپ کا عشق ہے ایمان رسولِ عربی ﷺ

حق سے ملنے کی نکل آئی ہے اچھی صورت
ہے تصور ترا ہر آن رسولِ عربی ﷺ

تا دمِ حشر رہے بادِ خزاں سے محفوظ
آپ کا یہ چمنستان رسولِ عربی ﷺ

سامنے روضۂ اقدس کے زمیں پر لوٹوں
یہ مرے دل کا ہے ارمان رسولِ عربی ﷺ

ساتھ لے جائیے حسرت کو بوقت آخر
اتنا فرمائیے احسان رسولِ عربی ﷺ

عبدالقدیر حسرت

Marfat.com

ہے تری بات کہ سوغات رسولِ عربی ﷺ
تیری ہر بات کی کیا بات رسولِ عربی ﷺ

اقتداء میں ہیں نبی در کا ہے درباں جبریل
اللہ اللہ ترے درجات رسولِ عربی ﷺ

ہو کرم آج کہ اس اُمت پہ ہے چھائی پھر سے
رنج اور غم کی سیہ رات رسولِ عربی ﷺ

گرمیِ حشر میں دامانِ کرم مل جائے
آپ کا ہم کو ملے ساتھ رسولِ عربی ﷺ

کاش غنچے ہوں سلاموں کے ہر اک لب پہ کھلے
اور درُودوں کی ہو برسات رسولِ عربی ﷺ

آپ کے پاس ہے ہر دُکھ کا مداوا آقا
آپ ہی سے ہے مناجات رسولِ عربی ﷺ

ہے یہ بس زاہدِ لاچار کی حسرت مولا
آپ کی کہتا رہوں نعت رسولِ عربی ﷺ

ڈاکٹر عصمت اللہ زاہد

Marfat.com

میرے آقا مرے سرکار رسولِ عربیﷺ
دونوں عالم کے ہیں مختار رسولِ عربیﷺ

کبھی مجھ پر بھی ذرا چشمِ کرم ہو جائے
میں بھی ہوں طالبِ دیدار رسولِ عربیﷺ

مل گیا مانگنے والوں نے ہے جو بھی مانگا
کس قدر ہے سخی دربار رسولِ عربیﷺ

نعت ہو جاتی ہے یہ آپ کا ہے کرم آقا
جب کبھی لکھتا ہوں اشعار رسولِ عربیﷺ

آپ کو ساری خبر ہے میری مجبوری کی
کیا کروں میں کوئی اظہار رسولِ عربیﷺ

جس جگہ پرُ بھی کبھی قدم مبارک رکھا
بن گئی وہ گل و گلزار رسولِ عربیﷺ

اور تو کوئی طلب مجھ کو نہیں ہے شافی
چاہیے سایۂ دیوار رسولِ عربیﷺ

عقیل شافی

Marfat.com

دل مرا کب سے ہے ویران رسولِ عربی ﷺ
بن کے آؤ کبھی مہمان رسولِ عربی ﷺ

کب میں دیکھوں گا مدینے کی مہکتی گلیاں
مجھ پہ کب ہوگا یہ احسان رسولِ عربی ﷺ

دل کو تسکین تیرے نام سے مل جاتی ہے
جب بھی ہوتا ہوں، پریشان رسولِ عربی ﷺ

جن کا کوئی نہیں ان کا سہارا تو ہے
تجھ پہ قربان میری جان رسولِ عربی ﷺ

آنکھ میں آنسو ہوں اور سامنے چہرہ تیرا
اس طرح نکلے میری جان رسولِ عربی ﷺ

عمران جان

Marfat.com

ہر شے تہِ دامانِ رسولِ عربی ﷺ
یہ قول ہے شایانِ رسولِ عربی ﷺ
اللہ کو اللہ سمجھنے والے
سو جان سے ہیں قربانِ رسولِ عربی ﷺ

()

سینوں میں ہے قرآنِ رسولِ عربی ﷺ
ہونٹوں پہ ہے فرمانِ رسولِ عربی ﷺ
معراج نبوت ہے کہ معراج کی رات
اے شانِ خدا ، شانِ رسولِ عربی ﷺ

()

اک شمعِ شبستانِ رسولِ عربی ﷺ
اک رونق ایوانِ رسولِ عربی ﷺ
حسینؓ کا یہ مرتبہ اللہ اللہ
ترکیبِ دل و جانِ رسولِ عربی ﷺ

عیش فیروز پوری

Marfat.com

یہ جو دارا و سکندر ہیں رسولِ عربی ﷺ
آپ کی خاک برابر ہیں رسولِ عربی ﷺ

کچھ نہیں ایک تری چشمِ کرم چاہتے ہیں
ہم بھی کیا خوب گداگر ہیں رسولِ عربی ﷺ

وہ تو کہیئے تری رحمت کے ہیں سائے ہم پر
ورنہ حالات تو ابتر ہیں رسولِ عربی ﷺ

پا برہنہ جو چلے ہیں تو ترے کوچے کے
ہم کو کانٹے بھی گلِ تر ہیں رسولِ عربی ﷺ

ہدیۂ نعت کی صورت میں پرو لایا ہوں
جس قدر پھول میسر ہیں رسولِ عربی ﷺ

چولھے جلتے ہیں جہاں صرف دلاسے کے لئے
میری بستی میں کئی گھر ہیں رسولِ عربی ﷺ

غفار شاد

Marfat.com

ہے بڑی آپ کی سرکار رسولِ عربی ﷺ
سب سے اعلیٰ ہے یہ دربار رسولِ عربی ﷺ

آپ تھے حق و صداقت کی خدائی تلوار
مٹ گئی شوکتِ کفار رسولِ عربی ﷺ

ابرِ رحمت کی گھٹائیں ہیں حقیقت میں یہی
آپ کے گیسوئے خمدار رسولِ عربی ﷺ

کر دیا آپ نے ہر شرک کے متوالے کو
مئے توحید سے سرشار رسولِ عربی ﷺ

باریابی کا شرف مجھ کو بھی حاصل ہو حضور
طالعِ خفتہ ہو بیدار رسولِ عربی ﷺ

بہر صدیق رضی اللہ عنہ و عمر رضی اللہ عنہ از پئے عثمان رضی اللہ عنہ و علی رضی اللہ عنہ
دور ہوں میرے سب آزار رسولِ عربی ﷺ

یہ نصیبا مرا اللہ رے اعزاز فدا
میں بنوں شاعرِ دربار رسولِ عربی ﷺ

ابوالطاہر فدا حسین فدا

Marfat.com

کیوں نہ ہوں آپ پہ قربان رسولِ عربی ﷺ
میرا ایمان ہو ، ایمان رسولِ عربی ﷺ

یہ چمکتے ہوئے تارے ، یہ مہکتے ہوئے پھول
ہیں تمہارا ہی تو فیضان رسولِ عربی ﷺ

بے سہاروں کا سہارا ہیں ، غریبوں کے کفیل
ہے یہی آپ کی پہچان رسولِ عربی ﷺ

نزع کا وقت ہے ، آ جاؤ ، سہارا دے دو
گم ہوئے جاتے ہیں اوسان رسولِ عربی ﷺ

آپ کے عشق نے دُنیا میں بھٹکنے نہ دیا
مشکلیں ہو گئیں آسان رسولِ عربی ﷺ

آپ کی ایک نظر باعثِ تسکیں ٹھہری
دل میں تھے سینکڑوں ارمان رسولِ عربی ﷺ

نگہِ مہر ادھر ہو ، کہ فدا ہوں میں بھی
کاش بر آئے یہ ارمان رسولِ عربی ﷺ

فدا خالدی

Marfat.com

اُمتِ محمدی ہیں رہبر رسولِ عربی ﷺ
عرش کا دُولہا ہمارا دلبر رسولِ عربی ﷺ

میری طلب سے کچھ زیادہ دیا
کیوں جائیں غیر کے در پر رسولِ عربی ﷺ

جو میری بات بنی تیرے کرم سے بنی
مجھ پہ اور بھی کرم کر رسولِ عربی ﷺ

ہم اپنے گناہوں پہ شرمندہ ہیں
اور تیرے عاصی ہیں دیدہِ تر رسولِ عربی ﷺ

فرزند علی کی اک حسرت باقی ہے
نصیب میں ہو مدینے کا سفر رسولِ عربی ﷺ

فرزند گورداسپوری

Marfat.com

آپ ہیں ناطقِ قرآن رسولِ عربی ﷺ
آپ ہیں رحمتِ یزدان رسولِ عربی ﷺ

امتّی میرا جہنم میں نہیں جا سکتا
یہ بھی ہے آپ کا فرمان رسولِ عربی ﷺ

آپ کی نعت سرِ حشر یقیں ہے مجھ کو
میری بخشش کا ہے سامان رسولِ عربی ﷺ

آپ کے خُلق و مروّت ہی کا اعجاز ہے یہ
آج ۔انسان۔ ہے اِنسان رسولِ عربی ﷺ

تیرے نعلین کا صدقہ ہے مرا علم و ہنر
یہ ہے سب آپ کا احسان رسولِ عربی ﷺ

میرے ہر دُکھ کا مداوا ہے فقط اسمِ نبی
میرے ہر درد کا درمان رسولِ عربی ﷺ

حق ادا آپ کی مِدحت کا نہیں ہو سکتا
کوئی کوثر ہو کہ حسّان رسولِ عربی ﷺ

قاسم علی کوثر اوکاڑا

Marfat.com

بتایا جس نے ''خدا ہے اکبر''، وہی تو ہیں یہ رسولِ عربی ﷺ
اُسی خدا کے بنے جو دلبر، وہی تو ہیں یہ رسولِ عربی ﷺ

حبیب رب کے طبیب سب کے، دعا بھی کی ہے دوا بھی دی ہے
لقب ہے جس کا شفیعِ محشر، وہی تو ہیں یہ رسولِ عربی ﷺ

اسی کی بعثت تمام دنیا کے واسطے ہے سحابِ رحمت
سنوارے جس نے بُرے مقدر، وہی تو ہیں یہ رسولِ عربی ﷺ

بنایا رب نے خلیل کس کو، کیا ہے اُس نے کلام کس سے
مگر ہوئے جو حبیبِ قادر، وہی تو ہیں یہ رسولِ عربی ﷺ

نبی کے نازک بدن کی خوشبو، تمام عطروں سے ہے معطر
ہے جس کا ثانی نہ کوئی عنبر، وہی تو ہیں یہ رسولِ عربی ﷺ

صبا اگر تو مدینے جانا ''بخاری گل'' کا سلام کہنا
ادب سے کہنا سلام جس پر، وہی تو ہیں یہ رسولِ عربی ﷺ

پروفیسر سید گل محمد شاہ بخاری

Marfat.com

یہ ہے اللہ کا فرمان رسولِ عربی ﷺ
آپ سا کون ہے انسان رسولِ عربی ﷺ

ہم کو اے خاکِ مدینہ تری قسمت پہ ہے ناز
اللہ اللہ ترے مہمان رسولِ عربی ﷺ

پیکرِ رُشد و ہدایت پہ درُود اور سلام
دونوں عالم ہیں ثناء خوان رسولِ عربی ﷺ

نورِ حق بھی ہیں وہی، شمعِ رسالت بھی وہی
اور اللہ کی پہچان رسولِ عربی ﷺ

آٹھ دن رہ کے مدینے میں مجھے ایسے لگا
دو گھڑی کا تھا میں مہمان رسولِ عربی ﷺ

دمِ آخر ہو مرے سامنے روضے کا جمال
دل میں ہے بس یہی ارمان رسولِ عربی ﷺ

روزِ محشر مرے ہر جرم کی بخشش ہو جائے
مجھ پہ ہو جائے یہ احسان رسولِ عربی ﷺ

گہر قریشی اعظمی

Marfat.com

میں رہوں تابعِ فرمان رسولِ عربی ﷺ
بس یہی ہے مرا ارمان رسولِ عربی ﷺ

آپ اللہ کی پہچان رسولِ عربی ﷺ
آپ بے مثل ہیں انسان رسولِ عربی ﷺ

چند آنسو ہیں مرے رختِ سفر میں آقا
میں کہ ہوں بے سروسامان رسولِ عربی ﷺ

آپ کے رحم و کرم پر ہیں نگاہیں میری
میں ہوں مدت سے پریشان رسولِ عربی ﷺ

نورِ وحدت سے کیا قلبِ مسلماں روشن
ہے یہ کم آپ کا احسان رسولِ عربی ﷺ

آپ نے درسِ اخوّت کا زمانے کو دیا
آپ ہیں محسنِ انسان رسولِ عربی ﷺ

دلِ کاوش کو جو ہے آپ سے نسبت آقا
ہے یہ سب آپ کا فیضان رسولِ عربی ﷺ

ماجد علی کاوش زیدی

Marfat.com

ہم گنہ گاروں کے یاور ہیں رسولِ عربی ﷺ
فکر کیا شافعِ محشر ہیں رسولِ عربی ﷺ

سب نبی آپؐ ہی سے کسبِ ضیاء کرتے ہیں
سب نبی چاند ہیں خاور ہیں رسولِ عربی ﷺ

اتنی نسبت بھی ہے کافی مجھے بخشش کے لئے
میرے آقا مرے سرورؐ ہیں رسولِ عربی ﷺ

آپ تو رحم سے معمور ہیں میرے آقاؐ
آپؐ تو رحم کے پیکر ہیں رسولِ عربی ﷺ

عفو ، ایثار ، کرم ، لطف ، کریمی ، رحمت
سارے اوصاف کے پیکر ہیں رسولِ عربی ﷺ

اک منافق کو کفن میں دیا اپنا کرتا
آپؐ ستّار سراسر ہیں رسولِ عربی ﷺ

قیدی دشمن کی مصیبت میں کہاں نیند انہیں
مضطرب خود سرِ بستر ہیں رسولِ عربی ﷺ

مبارک مونگیری

Marfat.com

مرحبا سیدِ ابرار رسولِ عربی ﷺ
میرے آقا مرے غم خوار رسولِ عربی ﷺ

محفلِ کون و مکاں آپ سے آباد ہوئی
اے جہاں بین و جہاندار رسولِ عربی ﷺ

ماہ و انجم ہیں ترے حسن کا پرتو شاہا
تیرے بٹتے رہیں انوار رسولِ عربی ﷺ

معدنِ جود و سخا کانِ حیا شمعِ ہُدیٰ
مرحبا شوکتِ کردار رسولِ عربی ﷺ

تو نے ذرّوں کو بھی افلاک کی رفعت بخشی
روحِ انسانی کے معیار رسولِ عربی ﷺ

دل ہوئے جاتے ہیں ہر سوز سے خالی اپنے
اور نہیں جرأتِ اظہار رسولِ عربی ﷺ

آج پھر نرغۂ اعداء میں ہے تیری اُمت
مجتمع ہو گئے اغیار رسولِ عربی ﷺ

محمد اکرم رضا

Marfat.com

میری قسمت ہوں وہ لمحات رسولِ عربی ﷺ
تیرے روضے پہ پڑھوں نعت رسولِ عربی ﷺ

میرے دامن کو بھی بھر دیجئے میرے آقا
مانگنے آیا ہوں خیرات رسولِ عربی ﷺ

آپ کی چشمِ کرم جب بھی ہوئی ہے شاہا
بن گئی بگڑی ہوئی بات رسولِ عربی ﷺ

عمر بھر اک یہی سامان ہوا ہے مجھ سے
نعت کی لایا ہوں سوغات رسولِ عربی ﷺ

مجھ کو خیرات ملے ہنستی ہوئی صبحوں کی
بیت جائے یہ سیہ رات رسولِ عربی ﷺ

تیرا منگتا ہے شہا تیرا قلندری یہ غلام
جا کے پھیلائے کہاں ہات رسولِ عربی ﷺ

محمد اکرم قلندری

Marfat.com

دِل میں مدّت سے ہے یہ آس رسولِ عربیﷺ
تیرے روضے کے رہوں پاس رسولِ عربیﷺ

کتنے پر نور نظارے ہیں ترے کوچے میں
ہیں فروزاں کئی الماس رسولِ عربیﷺ

چُوم کے آیا ہوں جب سے ترا روضہ آقا
کتنا سُندر ہے یہ احساس رسولِ عربیﷺ

میں کہ عصیاں میں بہت ڈُوبا ہوا ہوں ﷲ
حشر میں رکھنا مرا پاس رسولِ عربیﷺ

کتنی پیاری ہیں مدینے کی وہ گلیاں انجم
آپ کی جِن میں بسی باس رسولِ عربیﷺ

محمد امین انجم

Marfat.com

میری بخشش کا ہیں سامان رسولِ عربی ﷺ
کتم و عدم کا عنوان رسولِ عربی ﷺ

روضۂ ضو پہ کروں پلکوں سے جاروب کشی
کیا ہے اس بات کا امکان رسولِ عربی ﷺ

شہرِ طیبہ کی ضیاء بار فضاؤں میں چلوں
اس طرح کا ہو مجھے دان رسولِ عربی ﷺ

نصرتِ حق کے لیے آپ سفارش ٹھہرے
اب تو محشر بھی ہے آسان رسولِ عربی ﷺ

اولیں نور کی نسبت کا ہے دعویٰ مجھ کو
لاج رکھ صاحبِ قرآن رسولِ عربی ﷺ

اُمتی آپ کا ہونے پہ مفخر ناطِق
آپ کا ہم پہ ہے احسان رسولِ عربی ﷺ

محمد بشیر ناطق

Marfat.com

کیجئے کیجئے احسان رسولِ عربیﷺ
عرض کرتا ہے یہ رضوان رسولِ عربیﷺ

اک زمانے سے ہوں محروم، بُلا بھی لیجے
آپ کے جاؤں میں قربان رسولِ عربیﷺ

سوچتا رہتا ہوں اندازہ لگائے کیسے
آپ کے بارے میں انسان رسولِ عربیﷺ

آخرت کی اسے کیوں فکر ستائے آخر
تم ہوئے جس کے نگہبان رسولِ عربیﷺ

لطف کی ایک نظر ہو کہ یہ دنیا اب تک
ہے شکایت کا دبستان رسولِ عربیﷺ

محمد رضوان رانا

Marfat.com

اک نظر مجھ پہ بھی سرکار رسولِ عربی ﷺ
اے مرے والی و غمخوار رسولِ عربی ﷺ

آپ ہیں جود و کرم، لطف و عطا، رحمت کل
میں گنہگار، سیہ کار رسولِ عربی ﷺ

آپ کا در ہے مرے واسطے عرشِ اعظم
دیدِ حق آپ کا دیدار رسولِ عربی ﷺ

صدقہ شیرِ خدا میرا بھرم رکھ لینا
میں ہوں اور حشر کا بازار رسولِ عربی ﷺ

ہجرِ طیبہ کے ہیں لمحات قریب الآخر
یوں نظر آتے ہیں آثار رسولِ عربی ﷺ

ڈاکٹر محمد ریاض شاہد

Marfat.com

رحمتِ حق کی ہو برسات رسولِ عربی ﷺ
ذکر کرتا ہوں میں دن رات رسولِ عربی ﷺ

خون کے پیاسوں کو کر ڈالا محبت کا امیں
موجدِ صبحِ مواخات رسولِ عربی ﷺ

چاند ٹکڑے ہوا ، سورج بھی پلٹ آیا تھا
ایسی کس میں ہیں کرامات رسولِ عربی ﷺ

آپ کی مدح و ثنا کس سے بیاں ہو آقا
آپ ہیں پیکرِ حسنات رسولِ عربی ﷺ

روضہِ پاک کو اک بار جو چوموں آ کر
پھر سنور جائیں گے حالات رسولِ عربی ﷺ

آپ کی چشمِ کرم مجھ پہ بھی گر ہو آقا
میری بن جائے گی ہر بات رسولِ عربی ﷺ

تیرے اوصاف بیاں کیسے کرے کیونکہ کرے
کوئی سائیں کی ہے اوقات رسولِ عربی ﷺ

محمد سدھیر سائیں

Marfat.com

مظہرِ ذات و کمالات رسولِ عربی ﷺ
کون جانے ترے درجات رسولِ عربی ﷺ

جب بھی اُٹھتے ہیں ترے ہاتھ ہمارے حق میں
اچھے ہو جاتے ہیں حالات رسولِ عربی ﷺ

آپ کے جلوے زمانے میں ہیں ہر جا موجود
گر اُٹھا دیجے حجابات رسولِ عربی ﷺ

قبر میں، حشر میں، میزان پہ، پُل پہ آقا
ہر جگہ آپ کا ہو ساتھ رسولِ عربی ﷺ

زندگی آپ کی توصیف میں گزرے ساری
مشغلہ ہو یہی دن رات رسولِ عربی ﷺ

یہ سعیدی بھی کوئی نعت کے لائق ہے بھلا
ہاں مگر رکھتا ہے جذبات رسولِ عربی ﷺ

محمد صلاح الدین سعیدی

Marfat.com

مبتلا دل کی دوا نامِ رسولِ عربی ﷺ
غمزدہ جاں کی شفا نامِ رسولِ عربی ﷺ

بادۂ جامِ حقیقت کا سرورِ ابدی
زندگانی کا مزا نامِ رسولِ عربی ﷺ

عقل و حکمت کے لیے راہنما سے بڑھ کر
عشق کو عُقدہ کشا نامِ رسولِ عربی ﷺ

بیکراں لطف کا سرچشمہ ازل سے ہے یہی
مخزنِ جودو عطا نامِ رسولِ عربی ﷺ

آدمیت کو اُخوت کا سبق دیتا ہے
حاصلِ مہر و وفا نامِ رسولِ عربی ﷺ

ذکرِ حق ذکرِ پیمبر سے جُدا ہو کیسے؟
دعوتِ حمدِ خدا نامِ رسولِ عربی ﷺ

فکر میں شام و سحر سیرتِ سرکار رہے
ذہن میں صبح و مسا نامِ رسولِ عربی ﷺ

میجر (ر) محمد عاشق

Marfat.com

زیستِ لطف ترا نام رسولِ عربی ﷺ
سائلِ خستہ پہ انعام رسولِ عربی ﷺ

قلبِ بیتاب کی خواہش ہے کہ نس نس میں بسے
تیرے قرآن کا پیغام رسولِ عربی ﷺ

تیری مدحت کی ضیاء ساتھ رہے تا بہ ابد
خیر پہ کاش ہو انجام رسولِ عربی ﷺ

اک تری یاد کی نسبت سے معطر ہو سدا
میری ہر صبح مری شام رسولِ عربی ﷺ

ہے طلبگار تری چشمِ عنایت کا قمر
اِسکا. بگڑا بنے ، ہر کام رسولِ عربی ﷺ

پروفیسر محمد یٰسین قمر

Marfat.com

اے زہے مرتبہ و شانِ رسولِ عربی ﷺ
خود خدا بھی ہے ثنا خوانِ رسولِ عربی ﷺ

دیکھ سکتی ہے نظر جلوۂ عرفانِ خدا
دل کو ہو جائے جو عرفانِ رسولِ عربی ﷺ

دونوں عالم نے کیا کسبِ سعادت ان سے
دونوں عالم پہ ہے احسانِ رسولِ عربی ﷺ

چھوڑ دے آرزوئے دولتِ دارین اے دل
تھام لے گوشۂ دامانِ رسولِ عربی ﷺ

ان کے مرہونِ کرم ہم سے گنہ گار بھی ہیں
کس قدر عام ہے فیضانِ رسولِ عربی ﷺ

کج کلاہی پہ سرافراز شہنشاہوں کی
مسکراتے ہیں گدایانِ رسولِ عربی ﷺ

سادہ لفظوں میں ہے اظہارِ عقیدت مخمور
کب مرے شعر ہیں شایانِ رسولِ عربی ﷺ

مخمور سعیدی

Marfat.com

آپ کا جب بھی لیا نام رسولِ عربی ﷺ
بن گیا ہے مرا ہر کام رسولِ عربی ﷺ

کیوں نہ آسان ہو پھر راستہ دشوار مجھے
رہنما جب ہوں سرِ گام رسولِ عربی ﷺ

لَوٹنے کو تو میں لَوٹا ہوں مدینے سے مگر
چَین دل کو ہے نہ آرام رسولِ عربی ﷺ

آپ کے نام کی بولی تو لگائے کوئی
میں بھی ہو جاؤں گا نیلام رسولِ عربی ﷺ

جو تمنا دلِ مسرور میں ہے اتنی ہے
کیجیے کوثر کا عطا جام رسولِ عربی ﷺ

مسرور کیفی

Marfat.com

گلشنِ حق کے گلِ تر ہیں رسولِ عربی ﷺ
دینِ آخر کے پیمبر ہیں رسولِ عربی ﷺ

روزِ محشر مرے یاور ہیں رسولِ عربی ﷺ
شرحِ قرآں ، لبِ داور ہیں رسولِ عربی ﷺ

حسنِ اخلاق کے مظہر ہیں رسولِ عربی ﷺ
نورِ اخلاق کے پیکر ہیں رسولِ عربی ﷺ

بحرِ حکمت کے شناور ہیں رسولِ عربی ﷺ
اوجِ دانش پہ منوّر ہیں رسولِ عربی ﷺ

دینِ مسعود کے محور ہیں رسولِ عربی ﷺ
درسِ ایثار کے مصدر ہیں رسولِ عربی ﷺ

مسعود عظیم آبادی

Marfat.com

سارے نبیوں سے فزوں شانِ رسولِ عربی ﷺ
سب نبی تابعِ فرمانِ رسولِ عربی ﷺ

اپنے سایہ میں اماں دیگا گنہگاروں کو
پھیل کر حشر میں دامانِ رسولِ عربی ﷺ

کوئی بھی رحمتِ سرکار ﷺ سے محروم نہیں
جاری ہے چشمۂ فیضانِ رسولِ عربی ﷺ

کیا ٹھکانہ ہے اس انسان کی خوش بختی کا
جس پہ ہے سایۂ دامانِ رسولِ عربی ﷺ

مظفر اکبرآبادی

Marfat.com

دیدنی ہے تری بس شان رسولِ عربی ﷺ
ہیں ملائک ترے دربان رسولِ عربی ﷺ

تیری عظمت کی ہے پہچان رسولِ عربی ﷺ
حق نے بھیجا ہے جو قرآن رسولِ عربی ﷺ

یہ بھی ہے آپ کا فیضان رسولِ عربی ﷺ
نعت میں ہے مرا دیوان رسولِ عربی ﷺ

لامکاں اُن کا ہے خلوت گہہِ حق بھی اُن کی
اپنے گھر آپ ہیں مہمان رسولِ عربی ﷺ

اور وحدت ہے ضیا ریز برنگِ کثرت
انبیاء جسم ہیں اور جان رسولِ عربی ﷺ

حق کا عرفان کسی کو بھی نہیں ہو سکتا
ہو نہ جب تک ترا عرفان رسولِ عربی ﷺ

مجھ کو بھی دولتِ عرفانِ محبت سے نواز
ہر طرف ہے ترا فیضان رسولِ عربی ﷺ

حافظ مظہر الدین

Marfat.com

علم و عرفان کا محور ہیں رسولِ عربی ﷺ
منبعِ رحمتِ داور ہیں رسولِ عربی ﷺ

آپ کی ذات سے اللہ کا ادراک ہوا
عظمتِ خالقِ اکبر ہیں رسولِ عربی ﷺ

کہنے کو کہتے تھے ساحر انہیں کفار قریش
ان کو تھا علم پیمبر ہیں رسولِ عربی ﷺ

خضر سے پوچھا کہ کیا آپ کا رہبر ہے کوئی
وہ یہ بولے مرے رہبر ہیں رسولِ عربی ﷺ

جس کو مل جائیں محمدؐ اسے حق مل جائے
جس جگہ حق ہے وہیں پر ہیں رسولِ عربی ﷺ

روشنی لے کے سبھی آئے ہیں معجز، لیکن
ہر شبِ ماہ کے خاور ہیں رسولِ عربی ﷺ

معجز لکھنوی

Marfat.com

پَرتوِ حق کے نظارے ہیں رسولِ عربی ﷺ
بے سہاروں کے سہارے ہیں رسولِ عربی ﷺ

چاند سا چہرہ ، سیہ زُلف ، حسیں پاک نظر
کیسے قدرت نے سنوارے ہیں رسولِ عربی ﷺ

پیکرِ صدق و صفا ، رُشد و ہُدیٰ ، جود و کرم
احسن الخلق ہمارے ہیں رسولِ عربی ﷺ

اپنے اوصاف سبھی اِن کو خدا نے دے کر
اپنی سیرت پہ اُتارے ہیں رسولِ عربی ﷺ

کیوں نہ ہر ایک زباں پر ہو ثنائے احمد
جب خدا کے بھی دُلارے ہیں رسولِ عربی ﷺ

سب کے مقبول ہیں وہ راحتِ جاں راحتِ دل
سب کی آنکھوں کے ستارے ہیں رسولِ عربی ﷺ

مقبول احمد قادری

Marfat.com

مومنوں کے لیے احسان رسولِ عربیﷺ
حق کا سچا ہے یہ فرمان رسولِ عربیﷺ

آپ سا دوسرا کوئی نہیں اس دُنیا میں
ہے ہمارا تو یہ ایمان رسولِ عربیﷺ

روشنی شمس و قمر میں جو نظر آتی ہے
یہ بھی ہے آپ کا فیضان رسولِ عربیﷺ

آپ کو حق نے بلایا ہے سرِ عرشِ بریں
آپ ہیں عرش کے مہمان رسولِ عربیﷺ

مجھ گنہگار کو اک بار بلا لو آقا
میری بخشش کا ہو سامان رسولِ عربیﷺ

گر ہو مقصود پہ اک چشمِ کرم گاہ بہ گاہ
ہو گنہگار پہ احسان رسولِ عربیﷺ

مقصود احمد شرقپوری

Marfat.com

قاصدِ مقصدِ یزداں ہیں رسولِ عربیﷺ
عالمِ کُن کے نگہباں ہیں رسولِ عربیﷺ

امن و راحت کے پیمبر ہیں ، اخوّت کا بیاں
محسنِ قسمتِ انساں ہیں رسولِ عربیﷺ

کیوں نہ توحید کی خوشبو سے مہک جائے بہار
حرفِ تقدیرِ گلستاں ہیں رسولِ عربیﷺ

کیوں نہ ہوں اُن کے فقیروں میں سلاطینِ جہاں
مخزنِ دولتِ ایماں ہیں رسولِ عربیﷺ

حق نے بخشی ہے اُنھیں ختمِ نبوت کی سند
سب رسولوں میں نمایاں ہیں رسولِ عربیﷺ

کیوں نہ توحید چھلک جائے زباں سے اُن کی
سربسر بولتے قرآں ہیں رسولِ عربیﷺ

یورشِ غم کا مجھے کس لیے غم ہو منشا
اب دل و جاں کے نگہباں ہیں رسولِ عربیﷺ

منشا قصوری

Marfat.com

ہو بیاں آپ کی کیا شان رسولِ عربی ﷺ
آپ کونین کی ہیں جان رسولِ عربی ﷺ

آپ ہیں محسنِ انسان رسولِ عربی ﷺ
دل و جاں آپ پہ قربان رسولِ عربی ﷺ

آپ کی باتیں سراسر ہیں خدا کی باتیں
آپ کا نطق ہے قرآن رسولِ عربی ﷺ

جب تلک جسم میں ہے جان زباں پر میری
آپ کا نام ہو ہر آن رسولِ عربی ﷺ

آپ کی شان میں ہو نعت میری لافانی
ہو عطا جذبۂ حسّان رسولِ عربی ﷺ

ہم جو انسان کے زمرہ میں نظر آتے ہیں
آپ ہی کا ہے یہ فیضان رسولِ عربی ﷺ

پھر رہا ہے یہ کلیم آپ کے غم کا مارا
ایک مدت سے پریشان رسولِ عربی ﷺ

موسیٰ نظامی کلیم

Marfat.com

آپ کا کیسے ہو عرفان رسولِ عربی ﷺ
بنے خالق کے بھی مہمان رسولِ عربی ﷺ

سب شرف دنیا و عقبیٰ کے اُنھیں حاصل ہیں
وہ ہیں سُلطانوں کے سُلطان رسولِ عربی ﷺ

آپ نے پرچمِ توحید علیٰ کر ڈالا
آپ اللہ کی بُرہان رسولِ عربی ﷺ

میری کچھ راتیں کبھی ثور و حرا میں بیتیں
پورا ہو جائے یہ ارمان رسولِ عربی ﷺ

آپ کے در کے گداؤں کا گدا کہلاؤں
ہے یہ کافی مری پہچان رسولِ عربی ﷺ

زندگی کے سبھی رازوں کو عیاں کر ڈالے
وہ نظر پائیں مسلمان رسولِ عربی ﷺ

نبیل احمد نبیل

Marfat.com

جان اور دل سے بھی پیارے ہیں رسولِ عربی ﷺ
سب کی آنکھوں کے ستارے ہیں رسولِ عربی ﷺ

دونوں عالم میں کوئی شان تو دیکھے اُن کی
حق کے وہ راج دُلارے ہیں رسولِ عربی ﷺ

مالداروں کے سہارے تو بہت ہوتے ہیں
بے سہاروں کے سہارے ہیں رسولِ عربی ﷺ

اس سے بڑھ کر کسی دولت کی حقیقت کیا ہے
شکرِ حق ہے کہ ہمارے ہیں رسولِ عربی ﷺ

کیوں نہ اے نجم ہوں قربان دو عالم اُن پر
خود خدا کو بھی تو پیارے ہیں رسولِ عربی ﷺ

سید نجم نعمانی

Marfat.com

پناہِ ناقصاں ہیں رسولِ عربی ﷺ
سہارا بیکساں ہیں رسولِ عربی ﷺ

زمین و آسماں چومیں قدم کو
سفیرِ کہکشاں ہیں رسولِ عربی ﷺ

سراپا منتظر تھا عرشِ اعظم
خدا کے میہماں ہیں رسولِ عربی ﷺ

سحر کے نور کا باعث وہی ہیں
جہاں کا حسنِ تاباں ہیں رسولِ عربی ﷺ

آشفتہ حال ، در ماندہ اُمت
شفیقِ اُنس و جاں ہیں رسولِ عربی ﷺ

کھلے در اُن کی رحمت کے سدا ہیں
انیسِ عاصیاں ہیں رسولِ عربی ﷺ

فدا ہے ابراہیم جان و دل سے
نسیمِ صبحِ فراواں ہیں رسولِ عربی ﷺ

محمد ابراہیم خان

Marfat.com

فطرت کا شاہکار ہیں رسولِ عربی ﷺ
محبوبِ کردگار ہیں رسولِ عربی ﷺ

گلزارِ ہست و بود مہکتا ہے آپ سے
کونین کی بہار ہیں رسولِ عربی ﷺ

ہر تاجدارِ دہر اُنہی کا غلام ہے
وہ شاہِ ذی وقار ہیں رسولِ عربی ﷺ

اللہ رے شان و شوکتِ محبوبِ کبریا
دو جگ کے تاجدار ہیں رسولِ عربی ﷺ

بت پاش پاش ہوگئے آمد سے آپ کی
وہ تیغِ آبدار ہیں رسولِ عربی ﷺ

قرآن بھی ملا تو ملا آپ کے طفیل
اللہ کے رازدار ہیں رسولِ عربی ﷺ

اے شاد روزِ حشر کا غم تجھ کو کس لئے
جب تیرے غمگسار ہیں رسولِ عربی ﷺ

بیگم شاد چغتائی

Marfat.com

اول ما خلق اللہ فرمان رسولِ عربیﷺ
الف سے والناس ہے شان رسولِ عربیﷺ

چاند کے دو ٹکڑے ہے ادنی معجزہ اُن کا
شب معراج ہوئے ہمدمِ یزدان رسولِ عربیﷺ

ہر نبی پہ تھی اطاعت لازم اُن کی
ہیں وہ نبیوں کے بھی سلطان رسولِ عربیﷺ

میرے آقا میرے مولا میرے ماویٰ ملجا
ہیں وہ حسنین کی بھی جان رسولِ عربیﷺ

زہے زبان پہ جاری صدائے صلِ علیٰ
میری بخشش کا ہے سامان رسولِ عربیﷺ

مجھ میں طاقت بھلا کیا نعتِ محمد لکھوں
ہے راز خود خدا راز دان رسولِ عربیﷺ

علی محمد راز

Marfat.com

سچی بات ہیں سکھاتے رسولِ عربی ﷺ
سیدھی راہ ہیں دکھاتے رسولِ عربی ﷺ

رب ہے رازق یہ ہیں قاسم
رزق اس کا ہیں کھلاتے رسولِ عربی ﷺ

آبِ کوثر میٹھا میٹھا ٹھنڈا ٹھنڈا
پیتے ہم ہیں پلاتے رسولِ عربی ﷺ

روح ہماری کو جو آسان کر دے
کلمہِ توحید ہیں یاد دلاتے رسولِ عربی ﷺ

اپنے کرم سے اے فیصل
پلہ بھاری ہیں بناتے رسولِ عربی ﷺ

فیصل شہزاد فیصل

Marfat.com

میری روح مری جان رسولِ عربی ﷺ
میرا دین ایمان رسولِ عربی ﷺ

انسانوں کی خاطر ہی جبلِ رحمت سے
لے کر آئے قرآن رسولِ عربی ﷺ

میں بھی رکھتا ہوں اپنے سر آنکھوں پر
آپ کا ہر اک فرمان رسولِ عربی ﷺ

قائم و دائم ہے رونق آپ کے دم سے
ہیں ہستی کا عنوان رسولِ عربی ﷺ

ہاں آپ بناتے ہیں خاک نشینوں کو
دُنیا بھر کا سلطان رسولِ عربی ﷺ

میں کیا، بیوی، بچے اور ماں باپ مرے
ہیں تجھ پر ہی قربان رسولِ عربی ﷺ

لب پہ قمر کے کلمۂ طیّب ہو جاری
نکلے ایسے جان رسولِ عربی ﷺ

قمر حجازی، اوکاڑہ

Marfat.com

اک نظر چاہیے رسولِ عربی ﷺ
وہ بدز چاہیے رسولِ عربی ﷺ

اب عطا ہو اک جھلک
وہ قمر چاہیے رسولِ عربی ﷺ

بارانِ رحمت ہونی چاہیے
یہ ابر چاہیے رسولِ عربی ﷺ

روز و شب کے اشکوں کا اب
تو ثمر چاہیے رسولِ عربی ﷺ

دعائے دیدار پاک کا مجھ کو
اب اثر چاہیے رسولِ عربی ﷺ

نذر ہے، دل و جانِ ضعیف
تو مگر چاہیے رسولِ عربی ﷺ

محمد شاہ کھگہ ضعیف

Marfat.com

میرے آقا میرے سرکار رسولِ عربیﷺ
کرم کا ہوں امیدوار رسولِ عربیﷺ

خزاں آثار ، ہوں بہار کا متمنی !
نصیب ہو آپ کا دیار رسولِ عربیﷺ

قلب مضطر کا مقدر تاریکیاں ؟
بھر دیجئے اس میں انوار رسولِ عربیﷺ

لباسِ حیات کو رفو کیجئے مولا
حادثات سے ہے تار تار رسولِ عربیﷺ

کس قدر حسین انتقام آپ کا
شاہد ہیں طائف کے بازار رسولِ عربیﷺ

اذن ہو تو یوسف حاضر ہو !
بمعہ احباب و پروار رسولِ عربیﷺ

محمد یوسف ورک قادری ، شاہدرہ

Marfat.com

مقصود پبلشرز
فرسٹ فلور سرور مارکیٹ سرکلر روڈ چوک اردو بازار لاہور 0333-4320521

Marfat.com